لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں
تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان
DAILY AWAMI MOHABBAT
روزنامہ
عوامی محبت
قصور، پاکستان
چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر
سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس
ABC CERTIFIED
عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز
جلد نمبر 20
جمعۃ المبارک 26 ربیع الثانی 1448ھ 9 اکتوبر 2026ء، 25 اسوج 2080ب
شمارہ نمبر 108

عالمی میڈیا یا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے: وزارت اطلاعات

حوثیوں کیخلاف پاک فضائیہ کا استعمال نہیں کیا گیا

وزارت اطلاعات کی نیویارک ٹائمز کی خبر کی تردید

عالمی میڈیا یا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے، افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے

اسلام آباد (بیو رو رپورٹ) پاکستان کی وزارت اطلاعات نے نیویارک ٹائمز کی خبر کو جھوٹی اور من گھڑت قرار دیتے ہوئے کہا کہ حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کا استعمال نہیں کیا گیا۔ وزارت اطلاعات نے اپنے پیغام میں واضح کیا کہ عالمی میڈیا یا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے، افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اس سے قبل بھی واضح کر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

اسلام آباد: مولانا فضل الرحمن سے حکومتی مذاکراتی ٹیم کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سندھ میں تقرریاں نہ لینے والے 63 میں سے 20 سب رجسٹراروں کی معطلی سفارش

43 بااثر اور منظورِ نظر افسران کو بچا لیا گیا۔ سینئر ممبر ریونیو خالد حیدر شاہ نے وزیر اعلیٰ سندھ کو معطلی کی یہ متنازع سمری ارسال کی، ذرائع

کراچی (سٹاف رپورٹر) سندھ میں بورڈ آف ریونیو کی جانب سے اپنے ہی قوانین کی دھجیاں اڑاتے ہوئے مبینہ طور پر کرپشن اور پسند ناپسند کا نیا کھیل سامنے آیا ہے، ترقی کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

وزیر اعظم سے وفاقی وزیر خالد مگسی کی ملاقات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کی ملاقات جس میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور بلوچستان سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔

پاکستان کیلئے ایک ارب 21 کروڑ ڈالر قرض کی راہ ہموار

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کا سٹاف لیول معاہدہ طے، ایگزیکٹو بورڈ منظوری دے گا

ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے چوتھے جائزے کے تحت ایک ارب ڈالر، ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت 21 کروڑ ڈالر ملیں گے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ کے درمیان دو پروگراموں میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کا سٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا، پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے چوتھے جائزے کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت 21 کروڑ ڈالر ملیں گے، دونوں پروگراموں کے تحت مجموعی رقوم 5 ارب 70 کروڑ ڈالر ہو جائیں گی۔ جاری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

وزیر اعظم کی ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت

تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں، وزیر اعظم

وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی اور متعلقہ ڈیٹا کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو عصر حاضر سے ہم آہنگ کرے گا، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں، ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا، وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی اور متعلقہ ڈیٹا کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

وزیر داخلہ محسن نقوی کا شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

آئی ایم ایف معاہدہ پاکستان کے معاشی استحکام اور ساکھ میں بہتری کا اعتراف ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

بورے والا، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کی طرف سے سوشل میڈیا ٹیم ضلع وہاڑی کے جنرل سیکرٹری کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

بورے والا (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا ٹیم کی شاندار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

پاکستان اور بحرین کا تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنر مندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسحاق ڈار اور بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات

تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

بھارت کی جانب سے معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی، ایسا اقدام پاکستان کے 25 کروڑ عوام کی پانی، غذائی اور توانائی کی سلامتی کو خطرے میں ڈالتا ہے، نائب وزیر اعظم

پاکستان اور بحرین کے درمیان تعلقات انتہائی واضح اور مخلصانہ نوعیت کے ہیں، ممالک کی توجہ اپنے مضبوط تعلقات کو مزید عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور مستقبل میں تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر ہے، بحرینی وزیر خارجہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور بحرین نے تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنر مندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے خلیج تعاون کونسل اور پاکستان کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے جبکہ نائب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کا دکھ آج بھی محسوس ہوتا ہے، مریم نواز

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کا دکھ آج بھی محسوس ہوتا ہے۔ مریم نواز شریف نے 8 اکتوبر 2005 کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

لاہور ہائیکورٹ کا منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے منشیات کے بڑھتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

فلسطین میں مظالم پر عالمی ضمیر کی مجرمانہ خاموشی انتہائی افسوسناک ہے، جے یو آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف اہم اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاک فوج کا گلگت بلتستان میں اہم اقدام، استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر روڈ ٹریک مکمل

نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے دونوں علاقوں کے درمیان طویل سفر کم ہو کر محض چند گھنٹوں کا رہ گیا ہے، رپورٹ

گلگت (سٹاف رپورٹر) پاک فوج نے گلگت بلتستان میں ایک اور اہم تعمیراتی منصوبہ مکمل کرتے ہوئے استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار گزار روڈ ٹریک کم عرصے میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

لاہور: سابق ٹیسٹ کپتان عامر سہیل کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور کے دورے کے دوران جدید سہولیات سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے۔

دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے، انتونیو گوتریس

افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، محسن نقوی، ملاقات میں گفتگو

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چودھری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چودھری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشن کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل کی ملاقات

عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبہ میں صنعتی ورکرز کیلئے اپارٹمنٹس کی الاٹمنٹ کے اقدام کو سراہا

صوبہ میں لیبر اور ورکرز کو راشن کارڈ دینے پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین، یو این ہیبی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ ملنے پر مبارکباد دی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے عالمی ادارہ محنت (ILO) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی ادارہ محنت کے وفد کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں مزدوروں اور ورکرز کی فلاح و بہبود پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صنعتی ورکرز کے لئے پنجاب کے تاریخی اقدامات (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پیپلز پارٹی خواتین لاہور ونگ کی صدر نرگس خان وفد کے ہمراہ گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہی ہیں۔

یورپ کیلئے براہ راست شپنگ سروس بحال، برآمد کنندگان کو سہولت ملے گی، جنید انوار چوہدری

کراچی سے ہفتہ وار سروس کی فراہمی سے برآمد کنندگان کو یورپ کی اہم منڈیوں تک زیادہ بہتر اور قابل اعتماد رسائی حاصل ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی اور یورپ کی بڑی بندرگاہوں کے درمیان براہ راست شپنگ رابطہ بحال کر دیا گیا ہے جس سے طویل سفری دورانیے اور اضافی مال برداری اخراجات کا سامنا کرنے والے برآمد کنندگان کو ریلیف ملے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کیلئے میڈیٹیرینین شپنگ کمپنی نے اپنی پریمیم آئی پاک سروس دوبارہ شروع کر دی ہے جس کے تحت کراچی سے یورپ کیلئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

منشیات و اسلحہ برآمدگی کیسز، ملزمہ انمول عرف پنکی کو لازمی عدالت میں پیش کرنے کا حکم

ملزمہ انمول عرف پنکی کی عدالت میں حاضری لازمی ہے، ویڈیو لنک کے ذریعے مقدمے کی نقول فراہم کرنا ممکن ہے، عدالت

کراچی (سٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت نے منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے کیسز میں ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات کی سماعت کے دوران جیل حکام نے انمول عرف پنکی اور شریک ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش نہیں کیا۔ عدالت نے انمول عرف پنکی اور دیگر کو 13 اکتوبر کی آئندہ سماعت پر لازمی پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے کہا ہے کہ ملزمہ انمول عرف پنکی کی عدالت میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

سندھ ہائیکورٹ آئینی بنچز کی مدت میں توسیع کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس تیرہ اکتوبر طلب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب کر لیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی جوڈیشل کمیشن اجلاس کی صدارت کریں گے، اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ میں آئینی بنچز کی مدت میں توسیع کا معاملہ زیر بحث آئے گا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس 13 اکتوبر کو ڈیڑھ بجے دن سپریم کورٹ کانفرنس روم میں ہوگا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)

نیکسٹ جین سیفٹی ایپ سے 9 ہزار 261 شہریوں کو نفسیاتی معاونت فراہم

لاہور (سٹاف رپورٹر) ذہنی دباؤ اور گھریلو پریشانیوں کا شکار نوجوانوں کی مدد کے لیے سیف سٹیز اتھارٹی نے نیکسٹ جین سیفٹی ایپ کو موثر پلیٹ فارم قرار دیتے ہوئے شہریوں کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

لاہور: وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نیشنل ریسکیو چیلنج 2026ء کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا، ذرائع

اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔ لائف لائن صارفین پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔ لائف لائن صارفین پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی باڈی بلڈنگ کوچز اور آفیشلز کا لیول ون کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ

ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد سے متعلق اہم اجلاس میں کمرشل اور گفٹ اسکیم کے تحت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے اعداد و شمار پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے ستمبر 2026 میں 2 ہزار 276 استعمال شدہ گاڑیاں درآمد کیں جب کہ مئی 2026 میں صرف 48 استعمال شدہ گاڑیاں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

وزیر ریلوے کی نیشنل پریس کلب آمد، نائب صدر عثمان خان سے والد کے انتقال پر تعزیت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے نیشنل پریس کلب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پریس کلب کے نائب صدر اور سینئر صحافی عثمان خان سے ان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

صوابی پل صراط، پی ٹی آئی گزر کر دکھائے، گورنر کنڈی کا چیلنج

کے پی میں دہشت گردی ہے، اور صوبائی حکومت نے سرکس لگایا ہوا ہے، ان کے ساتھ 2 ہزار سے بھی کم لوگ ہیں، انٹرویو

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے تحریک انصاف کو چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوابی پی ٹی آئی کے لیے پل صراط ہے، چیلنج کرتا ہوں کہ صوابی سے گزر کے دکھائیں، ہم انتظار کریں گے۔ نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ کے پی میں دہشت گردی ہے اور صوبائی حکومت نے سرکس لگایا ہوا ہے، ان کے ساتھ 2 ہزار سے بھی کم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

لاہور میں پتنگ فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 2 بڑے ڈیلر گرفتار

مجموعی طور پر 2250 مختلف سائز کے گڈے اور غیر قانونی ڈور کی 31 چرخیاں برآمد

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں سانده پولیس نے ہزاروں گڈے اور درجنوں چرخیاں برآمد کر کے 2 بڑے پتنگ ڈیلروں کو گرفتار کر کے کائیٹ فلائنگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس نے دو پتنگ فروشوں کو ایم اے او کالج کے قریب سے گرفتار کیا جن سے مجموعی طور پر 2250 مختلف سائز کے گڈے اور غیر قانونی ڈور کی 31 چرخیاں برآمد ہوئیں۔ ملزمان نے سامان پلاسٹک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

صدر مملکت زرداری کا مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر اظہار تعزیت

مرحوم کی پارٹی کے لیے طویل جدوجہد اور گراں قدر خدمات ناقابل فراموش ہیں، بیان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خانیوال سے سابق رکن صوبائی اسمبلی مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بحرینی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

حکومت پنجاب
وزیر اعلیٰ پنجاب
محترمہ مریمٔ نواز شریف
کی جانب سے غریب مستحق خاندانوں کے لیے
محترمہ شکیلہ جاوید آرتھر
ایم پی اے
خوشخبری
اجتماعی شادیوں کی رجسٹریشن
دو بارہ شروع ہو گئی ہے
جو 25 اکتوبر 2026ء تک جاری رہے گی
خواہش مند حضرات سوشل ویلفیئر کے دفتر یا
شکیلہ جاوید آرتھر ایم پی اے کے دفتر سیالکوٹ کینٹ
رابطہ کریں
غریب خاندانوں کی خوشیوں میں شامل ہوں
خوشحال پنجاب خوشحال خاندان
منجانب
آصف ناظر
کوآرڈینیٹر شکیلہ جاوید آرتھر ایم پی اے
ریاض بھٹی
پرنسپل سیکرٹری
ایم پی اے
03006197886 - 03456749261

سٹی نیوز

لاہور: ایک شخص مال روڈ پر پھیری لگا کر بیگز فروخت کر رہا ہے

لاہور ہائیکورٹ نے احاطہ عدالت میں ملزمان کی گرفتاریوں پر پابندی عائد کر دی

ضمانت منسوخی سمیت کسی بھی صورت میں ملزم کو ہائیکورٹ کے احاطے سے گرفتار نہ کیا جائے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی حدود میں ملزمان کی گرفتاری پر مکمل پابندی عائد کرتے ہوئے پولیس کو واضح ہدایت جاری کر دی ہے کہ کسی بھی شخص کو عدالت کے احاطے سے حراست میں نہ لیا جائے۔ رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے آئی جی پنجاب پولیس کو جاری مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ ضمانت منسوخی سمیت کسی بھی صورت میں ملزم کو ہائیکورٹ کے احاطے سے گرفتار نہ کیا جائے۔ مراسلے میں پولیس کو سال 2014، 2016 اور 2021 میں جاری عدالتی ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کی بھی ہدایت کی گئی ہے جبکہ پنجاب بھر کے پولیس افسران اور اہلکاروں کو ان احکامات سے آگاہ کرنے کا بھی کہا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے پولیس کو مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے آئی جی پنجاب سے عدالتی احکامات پر عملدرآمد سے متعلق ابتدائی رپورٹ بھی طلب کر لی ہے۔

سیکرٹری داخلہ سے سابق ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ڈاکٹر محمد امجد کی الوداعی ملاقات

محکمہ داخلہ پنجاب تمام اٹیچڈ فارمیشنز کو جدید خطوط پر استوار کر رہا ہے، سیکرٹری داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے سابق ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ڈاکٹر محمد امجد نے الوداعی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور محکمہ داخلہ سے منسلک اداروں کی استعدادِ کار میں اضافے بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ پُرامن اور ہم آہنگ معاشرے کا قیام حکومتِ پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ داخلہ پنجاب تمام اٹیچڈ فارمیشنز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اقدامات کر رہا ہے۔ سیکرٹری داخلہ نے ڈاکٹر محمد امجد کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر سیکرٹری داخلہ پنجاب نے ڈاکٹر امجد کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔ ملاقات میں ایڈیشنل سیکرٹری پولیس کنور انوار علی خان بھی موجود تھے۔

لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مال روڈ پر غزہ مارچ میں ننھے بچے فلسطین کا پرچم تھامے شریک ہیں

8 اکتوبر کے تباہ کن زلزلے کو 21 سال ہو گئے

مختلف مقامات پر تقریبات کا انعقاد، شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی جائیگی

لاہور (این این آئی) 8 اکتوبر 2005 کو آنے والے تباہ کن زلزلے کو 21 سال ہو گئے۔ 8 اکتوبر 2005 میں صبح ساڑھے 8 بجے آنے والے شدید زلزلے سے آزاد کشمیر اور خیبر پختونخواہ کے علاقوں کو بڑا نقصان پہنچا تھا، زلزلے کی شدت 8.1 ریکارڈ کی گئی تھی، اس زلزلے سے 86 ہزار سے زائد افراد جاں بحق اور 69 ہزار زخمی ہو گئے تھے۔ لاکھوں مکانات مکمل اور جزوی طور پر تباہ ہوئے، سکول، سرکاری و نجی عمارتیں، پل، سڑکیں تباہ ہوئیں۔ اس دن کی مناسبت سے مختلف مقامات پر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں شہداء کے لئے فاتحہ خوانی اور قدرتی سانحات سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کے عزم کا اظہار کیا جائے گا۔

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں بادلوں نے سورج کو اپنی اوٹ میں چھپا رکھا ہے

خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

لاہور سے جدہ اور ریاض جانے والی 7 سے زائد پروازوں کو سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹس پر لینڈنگ کرائی گئی

لاہور (این این آئی) خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس پر فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہو گیا۔ لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک بھر کے دیگر ایئرپورٹس سے سعودی عرب، بحرین، دبئی اور دیگر ممالک جانے والی درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہو گئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سے جدہ اور ریاض جانے والی 7 سے زائد پروازوں کو سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹس پر لینڈنگ کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 21 پروازیں منسوخ جبکہ متعدد پروازیں 3 سے 10 گھنٹے تک تاخیر کا شکار رہیں، پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ملکی و غیر ملکی ایئرلائنز نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ ایئرپورٹ آنے سے قبل اپنی پرواز سے متعلق تازہ معلومات ضرور حاصل کریں۔

سمندری خوراک کی برآمدات میں 74.4 فیصد اضافہ

پہلی سہ ماہی میں برآمدات 12 کروڑ 54 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی مچھلی اور سمندری خوراک کی برآمدات مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران سالانہ بنیادوں پر 74.4 فیصد اضافے کے ساتھ 12 کروڑ 54 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ وزارت بحری امور کے مطابق گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق مذکورہ مدت کے دوران مچھلی اور سمندری خوراک کی برآمدی حجم بھی 74.8 فیصد بڑھ کر 61 ہزار 679 میٹرک ٹن ہو گیا جبکہ گزشتہ سال کی پہلی سہ ماہی میں یہ حجم 35 ہزار 294 میٹرک ٹن ریکارڈ کیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چودھری نے برآمدات میں اضافے کو سمندری شعبے کی بڑھتی ہوئی معاشی صلاحیت کا عکاس قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کی بلیو اکانومی کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔

انفورسمنٹ اور خوف پر مبنی ٹیکس نظام زیادہ دیر نہیں چل سکتا، ٹیکس ایڈوائزرز

رضاکارانہ ٹیکس ادائیگی کے فروغ کیلئے کامیاب ممالک کے ماڈلز کا مطالعہ کیا جائے، چیئرمین عامر قدیر

لاہور (این این آئی) چیئرمین ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن عامر قدیر نے کہا ہے کہ جس نظام کے تحت اس وقت ٹیکس اکٹھا کیا جا رہا ہے یہ زیادہ دیر تک نہیں چل سکتا، موجودہ ٹیکس نظام زیادہ تر انفورسمنٹ اور خوف و ہراس پر مبنی ہے جس کے باعث ٹیکس دہندگان میں اعتماد پیدا نہیں ہو رہا۔ اپنے بیان میں عامر قدیر نے کہا کہ حکومت کو جرمنی، چین اور دیگر ممالک کے ٹیکس نظاموں کا مطالعہ کر کے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے لوگ رضاکارانہ طور پر ٹیکس ادا کرنے پر آمادہ ہوں۔ صرف سختی اور نفاذ کے ذریعے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا پائیدار حل نہیں ہے۔ ٹیکس نظام میں اصلاحات نافذ کرنے سے پہلے عوام اور کاروباری طبقے کو مناسب وقت دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئے نظام کے حوالے سے ٹیکس دہندگان کی ذہن سازی اور بھرپور آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے۔ عوام کو بتایا جائے کہ ٹیکس کی ادائیگی قومی معیشت اور ملکی ترقی کیلئے کیوں ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کے مسائل اور تحفظات دور کر کے ان کا اعتماد بحال کیا جانا چاہیے۔

لاہور: محنت کش کھانے کی اشیا فروخت کرنے کے لیے بیٹھا ہے

نمازوں کے اوقات

نماز فجر	5:00
نماز ظہر	1:45
نماز عصر	5:15
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	8:30

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202977
واپڈا شکایات سنٹر	111000118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

پی سی	111-505-505
آواری	111-282-747
کراؤن پلازہ	111-806-111
رائل پام	111-602-602
سن فورٹ	35763813
ہالیڈے ان	36310077
ایمبیسڈر	36316821
لاہور جم خانہ	35756692-2
گیریژن کنٹری کلب	36660016
پنجاب کلب	36362138
لاہور پریس کلب	36364792

ایمرجنسی نمبرز

ایدھی کنٹرول	115
پولیس	15
ریلوے پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر بریگیڈ	16
پی آئی اے انکوائری	114
ریسکیو فورس	1122
ریلوے انکوائری	117
بم ڈسپوزل	99212111
سروسز ہسپتال	99203402-25
میو ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
فاطمید بلڈ بنک	35863950
جناح ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

سروسز ہسپتال میں ناقص صفائی، ڈاکٹرز اور عملہ غائب، ایم ایس کی جواب طلبی

لاہور (این این آئی) سروسز ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال، سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ نے ایم ایس سروسز ہسپتال کی جواب طلبی کر لی۔ سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ نے سروسز ہسپتال کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران سروسز ہسپتال کے آؤٹ ڈور میں عملہ غیر حاضر پایا گیا۔ نوٹس کے مطابق سرجیکل ایمرجنسی میں بھی ڈاکٹرز و عملہ غائب پایا گیا، آؤٹ ڈور میں مریضوں کا رجسٹریشن کاؤنٹر بند پایا گیا، آگ بجھانے کے آلات نان فنکشنل پائے گئے۔ سی ٹی سکین غیر فعال، ڈیوٹی روسٹر اپ ڈیٹ نہیں تھا۔ ایم ایس سروسز ہسپتال کو تمام خامیاں 24 گھنٹے میں دور کرنے کا الٹی میٹ دے دیا۔

سموگ اور فوگ کا خدشہ، بلدیاتی الیکشن اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مقررہ وقت پر نہ ہونے کی وجہ سامنے آ گئی۔ محکمہ بلدیات پنجاب نے انتخابات دسمبر یا جنوری کے بجائے اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ سکول ایجوکیشن نے محکمہ بلدیات کو تجویز دی ہے کہ 15 دسمبر سے یکم جنوری تک پنجاب میں سموگ اور فوگ کے امکانات کے باعث بلدیاتی انتخابات کی تاریخ تبدیل کی جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے مقامی حکومتوں کے انتخابات اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز زیر غور ہے، اس حوالے سے محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب کو کابینہ اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف سخت کارروائی، شاہراہوں پر آنے پر پابندی

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس پنجاب نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے ہوئے ایسی گاڑیوں کے شاہراہوں پر آنے پر پابندی عائد کر دی۔ ٹریفک پولیس پنجاب نے تمام سی ٹی اوز اور ڈی پی اوز کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلہ ایس ایس پی ہیڈکوارٹرز سید ندیم عباس کی جانب سے جاری کیا گیا۔ ٹریفک پولیس اور ای پی اے کی جانب سے سموگ چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف جوائنٹ ناکہ بندی کی جائے گی۔ مراسلہ میں ہدایت کی گئی ہے کہ دھواں چھوڑنے والی کوئی گاڑی سڑک پر نہ چلنے دی جائے، ٹریفک پولیس، ای پی اے اور محکمہ ٹرانسپورٹ پر مشتمل جوائنٹ چیکنگ ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔

اے ٹی ایم سے چھیڑ خانی کر کے رقم نکلوانے والا 3 رکنی گینگ گرفتار

لاہور (این این آئی) تھانہ وحدت کالونی کی حدود میں اے ٹی ایم سے چھیڑ خانی کے ذریعے رقم نکلوانے والا 3 رکنی گینگ گرفتار کر لیا گیا۔ انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق تینوں ملزمان میٹرک فیل ہیں اور انہیں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کر کے چونیاں سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان نے ایک سال کے دوران مختلف علاقوں میں 12 سے زائد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے اے ٹی ایم مشین میں رقم نکلوانے کے لیے مختلف طریقہ واردات اختیار کر رکھا تھا۔ ایک ملزم اے ٹی ایم میں کارڈ پھنس جانے کا ڈرامہ کرتا، جبکہ باہر کھڑے دو ملزمان انجان بن کر شہریوں سے ضروری معلومات حاصل کرتے تھے۔

ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی پر 1 کروڑ 15 لاکھ 61 ہزار سے زائد جرمانہ

اوور چارجنگ کرنے والوں کیخلاف 81 مقدمات درج، 323 افراد گرفتار کیے گئے، ڈاکٹر خورشید

لاہور (این این آئی) محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب نے صوبہ بھر میں گراں فروشی، زائد قیمت وصولی اور مقررہ نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے والے عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی کی ہے، گزشتہ ایک ہفتے کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے صوبہ بھر میں 4 لاکھ 33 ہزار 511 انسپکشنز کیں۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی ڈاکٹر کرن خورشید نے بتایا کہ گراں فروشی کے خلاف کارروائیوں کے دوران 20 ہزار 245 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں، جن پر مجموعی طور پر 1 کروڑ 15 لاکھ 61 ہزار 915 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ مقررہ نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے والے 2 ہزار 151 دکانداروں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیوں کے دوران 81 مقدمات درج جبکہ 323 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ڈاکٹر کرن خورشید کے مطابق روٹی کی مقررہ قیمت سے زائد وصولی کے خلاف بھی موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 4 ہزار 513 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں، جن پر 5 لاکھ 91 ہزار 500 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ چکن کی قیمتوں کی چیکنگ کے دوران 18 ہزار 18 انسپکشنز کی گئیں۔ چکن کی گراں فروشی پر 4 لاکھ 29 ہزار 11 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ 45 مقدمات درج کیے گئے۔

لاہور: بسنت منانے کی اجازت ملنے کے بعد لائسنس ہولڈر کاریگر گڈے تیار کر رہا ہے

ہائیکورٹ کا اینٹی کرپشن کے نظام پر اظہار تشویش، 12 اکتوبر تک مکمل نظام پیش کرنے کا حکم

اینٹی کرپشن میں کوئی کیس چلا جائے تو یقین نہیں ہوتا انصاف ملے گا، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اینٹی کرپشن کے طریق کار پر سخت سوالات اٹھاتے ہوئے 12 اکتوبر تک مکمل نظام بنا کر پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے جھنگ کے رجسٹری محرر تاج محمد کی درخواست ضمانت پر سماعت کی سماعت کے دوران ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ آپ نے تمام کاغذات دیکھے ہیں؟، آپ کے افسر نے کیا بیان دیا ہے اور آپ کو وجہ بتائی گئی کہ آپ کو کیوں بلایا گیا ہے؟۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ رپورٹ میں لکھا ہے کہ ملزم بے گناہ ہو گیا ہے، کیا تحقیقات میں ضمنی لکھی جاتی ہے؟۔ عدالت نے تفتیشی افسر کے رویے پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ پہلے اس بارے میں بتائیں، تحقیقات کی بات بعد میں کریں گے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ 2020 کا کیس ہے، اب 2026 ہے اور ضمانت اب سامنے آئی ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا یہ افسر سسٹم میں رہ سکتا ہے؟، ہم سسٹم کو سمجھتے ہیں، کچھ نہیں کہتے تو اور بات ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ پراسیکیوشن دیگر عدالتوں میں بھی تعاون نہیں کرتی، آپ نے سسٹم کو ٹھیک کرنے کے لیے کیا سوچا ہے

نابالغ بچوں کے نان نفقہ کیلئے والد کی پنشن بھی منسلک ہو سکتی ہے، لاہور ہائیکورٹ

بچے کا نان نفقہ کسی شخص کو دیئے گئے قرض یا ادھار رقم کی واپسی کا دعوی نہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اہم قانونی نقطہ طے کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ پنشنر والد کی پنشن سے نابالغ بچوں کا نان نفقہ ادا کیا جا سکتا ہے، جبکہ عدالت نے واضح کیا ہے کہ نابالغ بچوں کا نان نفقہ عام قرض کی نوعیت کا مالی دعوی نہیں بلکہ والد پر عائد قانونی اور خاندانی ذمہ داری ہے، اس لیے پنشن کے تحفظ سے متعلق قانونی دفعات کو نابالغ بچوں کے حق میں جاری حتمی نان نفقہ کی ڈگری پر لاگو نہیں کیا جا سکتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ملک جاوید اقبال وینس اور جسٹس ملک وقار حیدر اعوان پر مشتمل بنچ نے محمد لطیف کی آئینی درخواست مسترد کرتے ہوئے اہم فیصلہ جاری کیا، 8 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس وقار حیدر اعوان نے تحریری کیا۔ درخواست گزار نے فیملی کورٹ جڑانوالہ کے 17 ستمبر 2019 کے فیصلے کو چیلنج کیا تھا، جس میں پنشن اکاؤنٹ میں موجود رقم کی اٹیچمنٹ ختم کرنے اور ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری منسوخ کرنے کی درخواست مسترد کر دی گئی تھی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق درخواست گزار کی سابق اہلیہ نے نکاح کے خاتمے اور جہیز کے سامان کی واپسی جبکہ نابالغ بچوں نے نان نفقہ کی وصولی کے لیے مقدمات دائر کیے تھے

تنخواہ دار طبقے نے 3 ماہ میں 144 ارب انکم ٹیکس ادا کیا

تنخواہ دار طبقے کی انکم ٹیکس ادائیگی میں 10.2 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (این این آئی) تنخواہ دار طبقے نے رواں مالی سال کے ابتدائی 3 ماہ میں 144 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 13.4 ارب روپے زیادہ ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے کی انکم ٹیکس ادائیگی میں 10.2 فیصد اضافہ ہوا جبکہ اس کے مقابلے میں ہول سیلرز اور ریٹیلرز نے مجموعی طور پر 18.4 ارب روپے ٹیکس ادا کیا۔ ذرائع کے مطابق ہول سیلرز کی ٹیکس ادائیگی 10 فیصد کمی کے بعد 6.2 ارب روپے رہی، جبکہ ریٹیلرز نے 11.3 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.3 فیصد زیادہ ہے۔ رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے انکم ٹیکس وصولی 38 فیصد کمی کے بعد 35.2 ارب روپے رہی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 22 ارب روپے کم ہے، حکومت کی جانب سے رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے ایڈوانس انکم ٹیکس میں 50 فیصد کمی کی گئی تھی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق جائیداد کی فروخت پر ٹیکس کی شرح 5.5 فیصد سے کم کر کے 2.75 فیصد جبکہ خریداری پر ٹیکس کی شرح 2.5 فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد کر دی گئی۔ جائیداد کی فروخت پر ایڈوانس ٹیکس وصولی 42 فیصد کمی کے بعد 23 ارب روپے جبکہ خریداری پر انکم ٹیکس وصولی 31 فیصد کمی کے بعد 12.2 ارب روپے رہی۔

لاہور: مقامی پارک میں بچے پینٹنگ بنا رہے ہیں

غیر ملکی خریداروں کی پاکستانی ہاتھ سے بنے قالینوں میں گہری دلچسپی، برآمدی سودے طے

مینوفیکچررز، برآمد کنندگان سے ون ٹو ون ملاقاتیں، معیار، ڈیزائن اور جدید رجحانات پر تبادلہ خیال

کراچی/لاہور (این این آئی) مختلف ممالک سے آئے ہوئے غیر ملکی خریداروں نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان اور پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے اشتراک سے جاری 42ویں عالمی نمائش میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں میں غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا جبکہ اس موقع پر برآمدی سودے بھی طے پائے۔ امریکہ، جرمنی، ترکیہ، چین، روس، سویڈن، انڈونیشیاء سمیت مختلف ممالک سے آئے خریداروں نے نمائش میں لگائے گئے اسٹالز کا دورہ کیا اور پاکستانی قالینوں کے اعلیٰ معیار، منفرد ڈیزائن اور دستکاری کو سراہا۔ غیر ملکی خریداروں نے پاکستانی مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان سے ون ٹو ون ملاقاتیں کیں جن میں کاروباری روابط کو مزید وسعت دینے، نئی منڈیوں تک رسائی، مستقبل میں مشترکہ کاروباری مواقع اور عالمی مارکیٹ کے بدلتے رجحانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیبیشن محمد ریاض اور سینئر وائس چیئرمین خواجہ میر مدثر نے غیر ملکی خریداروں کو پاکستانی ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت، مصنوعات کے معیار، ڈیزائنز، پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈی میں پاکستانی قالینوں کی اہمیت کے حوالے سے بریفنگ دی۔

لاہور: محنت کش ریڑھی پر پھل فروخت کر رہا ہے

چیف جسٹس کے اقدامات سے پولیس نے 2 سال سے لاپتہ لڑکی کو بازیاب کرا لیا

کبھی سوچا ہے ان والدین پر کیا گزرتی ہو گی جن کی بچیاں غائب ہیں، چیف جسٹس کا آئی جی سے سوال

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کے اقدامات کے نتیجے میں دو سال سے لاپتہ 16 سالہ لڑکی کو بازیاب کرا کے عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ لاپتہ لڑکی کی بازیابی سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالتی حکم پر آئی جی پنجاب عبدالکریم عدالت میں پیش ہوئے۔ پولیس نے دو سال سے لاپتہ 16 سالہ لڑکی کو بازیاب کرا کے عدالت کے روبرو پیش کیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے لڑکی کی شناخت کی تصدیق کی اور اسے چہرہ دکھانے کی ہدایت کی۔ چیف جسٹس نے آئی جی پنجاب سے استفسار کیا کہ کیا عدالت کے پاس موجود تصویر میں دکھائی دینے والی لڑکی یہی ہے؟۔

پانی کی کمی کے باعث گندم کی پیداوار متاثر ہونے کا خطرہ

لاہور (این این آئی) ملک میں پانی کی کمی کے باعث گندم کی پیداوار متاثر ہونے کے خطرات منڈلانے لگے۔ ملک میں ربیع سیزن میں قلتِ آب 25 فیصد سے زائد ہونے کا خدشہ ہے، پانی لینے میں حصے دار صوبوں میں پانی کی کمی بھی بانٹی جائے گی۔ ربیع کی فصلوں کیلئے درکار پانی 3.8 کروڑ ایکڑ فٹ ہے تاہم دستیاب 2.2 کروڑ ایکڑ فٹ ہے، صورتحال پر غور کیلئے رواں ہفتے میں ہی انڈس ریور سسٹم اتھارٹی کا اہم اجلاس بھی متوقع ہے۔ ماہرین کے مطابق بڑے ذخائر کی تعمیر میں تاخیر، بارشوں میں مسلسل کمی اور بھارتی آبی جارحیت بڑھتے آبی بحران کی بڑی وجوہات ہیں۔

کم عمر سگی بہنوں سے فحش حرکات، خاتون کو تشدد کا نشانہ بنانے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا

لاہور (این این آئی) شاد باغ اور مصری شاہ پولیس نے خاتون پر تشدد اور کم عمر سگی بہنوں سے فحش حرکات کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ شاد باغ پولیس کے مطابق ملزم ساحل نے ساتھیوں کے ہمراہ گلی میں کھڑی خاتون کو تشدد کا نشانہ بنایا جس سے خاتون کے چہرے پر شدید چوٹیں آئیں اور خون بہنے لگا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ مصری شاہ پولیس نے کارروائی کے دوران ڈیڑھ اور پانچ سالہ بچیوں سے فحش حرکات کرنے والے اوباش ملزم احمد محمود کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے گلی میں موجود بچیوں سے چھیڑ چھاڑ کی۔

اب رشوت لینے اور دینے والا دونوں ڈریں گے، ڈی جی اینٹی کرپشن

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے کہا ہے کہ اب رشوت لینے اور دینے والا دونوں ڈریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز آئی جی جیل خانہ جات نے سپرنٹنڈنٹ کو گرفتار کرایا وہ اس اقدام کو سراہتے ہیں۔ ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے کہا کہ انویسٹی گیشن میں تفتیشی افسران کو فنڈ نہ ملنے کا معاملہ سامنے آیا ہے، اس کی میرٹ پر انکوائری کی جائے گی۔

20 کروڑ روپے کی لاگت سے لاہور میں لائبریری آن ویل پروگرام کا آغاز

لاہور (این این آئی) لاہور میں 20 کروڑ روپے کی لاگت سے لائبریری آن ویل پروگرام شروع کر دیا گیا، جس کے لیے 55 الیکٹرک رکشے خریدے گئے ہیں۔ پروگرام کے تحت لاہور کی 5 تحصیلوں میں 11، 11 لائبریری آن ویل آؤٹ آف اسکول بچوں تک پہنچ کر انہیں تعلیم فراہم کریں گی۔ لائبریری آن ویل کا چارجنگ سنٹر پائلٹ اسکول میں بنایا جائے گا، جہاں چارجنگ کے بعد روزانہ لائبریری آن ویل مختلف تحصیلوں میں جائیں گی۔

سموگ کیخلاف سیف سٹیز اتھارٹی کا جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کریک ڈاؤن تیز

لاہور (این این آئی) سموگ اور فضائی آلودگی کے تدارک کے لیے سیف سٹیز اتھارٹی نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا، گزشتہ 4 روز کے دوران سموگ کا باعث بننے والی 2 ہزار سے زائد ماحولیاتی خلاف ورزیوں پر کارروائیاں کی گئیں۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق دھواں چھوڑنے والی 1085 گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی، جن میں سے 858 کو جرمانے جبکہ 227 کو وارننگز جاری کی گئیں۔ لاہور میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور دیگر ماحولیاتی خلاف ورزیوں پر 370 ای چالان بھی جاری کیے گئے۔ بغیر ترپال تعمیراتی سامان لے جانے والی 797 گاڑیوں کی نشاندہی بھی کی گئی

نرسنگ طلبہ کو بڑا ریلیف، پہلے سمسٹر میں ڈیٹین طلبہ کو مارچ 2027ء میں ری سٹ امتحان کی اجازت

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے نرسنگ طلبہ کے لیے بڑا تعلیمی ریلیف دیتے ہوئے پہلے سمسٹر میں ڈیٹین ہونے والے طلبہ کو مارچ 2027ء میں ری سٹ امتحان دینے کی اجازت دے دی۔ فیصلہ یو ایچ ایس کے بورڈ آف اسٹڈیز نرسنگ کے 44ویں اجلاس میں کیا گیا، جس کی صدارت وائس چانسلر یو ایچ ایس میجر جنرل (ر) پروفیسر سہیل صابر نے کی۔ اجلاس میں بی ایس نرسنگ خزاں 2024ء کے پہلے سمسٹر میں ڈیٹین ہونے والے طلبہ کے معاملے پر غور کیا گیا جبکہ 2026 کے سالانہ امتحانات کے کیلنڈر کی بھی منظوری دی گئی۔

لاہور میں گراں فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن، 230 چالان، 5 گرفتاریاں

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور کی ہدایت پر گراں فروشی کے خلاف شہر بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق اشیائے ضروریہ کی مقررہ سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے 23 ہزار 656 مارکیٹ انسپکشنز کی گئیں۔ انتظامیہ کے مطابق گراں فروشی کے مرتکب 3 ہزار 242 مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں 7 ہزار 925 انسپکشنز کے دوران 230 چالان اور 5 گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کی جانب سے 15 ہزار 735 انسپکشنز مکمل کی گئیں۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 50 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 60 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 13 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 13 ہزار 800 کیوسک، خیر آباد پل آمد 54 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 54 ہزار 500 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 37 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 17 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 6 ہزار 700 کیوسک رہا۔

لاہور: جماعت اسلامی کی خواتین کارکنان نے مال روڈ پر غزہ مارچ کے دوران پلے کارڈ اٹھا رکھے ہیں

جامع مسجد حضرت داتا گنج بخش کے سابق خطیب کیخلاف مالی بدعنوانی، مس کنڈکٹ کے الزامات ثابت

مفتی رمضان سیالوی سے 26 لاکھ 58 ہزار 83 روپے کی ریکوری کا حکم، پانچ سال کیلئے بی ایس 19 سے 18 میں تنزلی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اور بلا امتیاز احتساب کے عزم کے تحت محکمہ اوقاف و مذہبی امور، حکومت پنجاب نے جامع مسجد دربار حضرت داتا گنج بخش کے سابق خطیب اور جامعہ ہجویریہ کے پرنسپل، مولانا مفتی محمد رمضان سیالوی کے خلاف پنجاب ایمپلائز ایفیشنسی، ڈسپلن اینڈ اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ 2006 کے تحت محکمانہ کارروائی مکمل کرتے ہوئے حتمی سزا کا حکم جاری کر دیا۔ محکمہ اوقاف کے ترجمان کے مطابق مفتی محمد رمضان سیالوی کے خلاف مالی بدعنوانی، خرد برد، فراڈ، دھوکہ دہی، جعلسازی اور مس کنڈکٹ کے تمام الزامات ثابت ہو چکے ہیں۔ ترجمان کے مطابق ریکارڈ اور واؤچرز کی تفصیلی جانچ سے ثابت ہوا کہ دربار حضرت داتا گنج بخش کے 982ویں سالانہ عرس مبارک، جو 13 سے 15 اگست 2025 تک منعقد ہوا

پی آر اے نے پہلی سہ ماہی میں 87 ارب کے محصولات جمع کئے

گزشتہ مالی سال اسی مدت میں 66.3 ارب اکٹھے ہوئے تھے، چیئرمین پی آر اے

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 31 فیصد گروتھ سے ٹیکس وصولی کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ پی آر اے نے پہلی سہ ماہی میں 87 ارب کے محصولات جمع کئے جبکہ گزشتہ مالی سال اسی مدت میں 66.3 ارب اکٹھے کیے گئے تھے۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت سالانہ اہداف بارے اہم اجلاس ہوا جس میں سیکٹر وائز مقررہ اہداف، ٹیکس ریٹرنز اور افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ معظم اقبال سپرا نے ہدایت کی کہ ٹیکس ادائیگی میں جعلسازی کرنے والے اداروں کے ریکارڈ کی مکمل چھان بین یقینی بنائی جائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ٹیکس نیٹ میں توسیع اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ ای آئی ایم ایس کے نفاذ اور ٹیکس کمپلائنس بہتر بنانے کے اقدامات سے بھی وصولی میں بہتری آئی ہے۔

لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مال روڈ پر غزہ مارچ میں شریک بچے نعرے لگا رہے ہیں

ایف بی آر نے ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کر لیا

انٹیگریشن پر ٹیکس کریڈٹ، ریٹرنز کی خودکار جانچ اور اے ٹی ایل کیلئے نئی شرائط تجویز کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ انٹیگریشن پر ٹیکس کریڈٹ، ریٹرنز کی خودکار جانچ اور اے ٹی ایل کیلئے نئی شرائط تجویز کر دی گئیں۔ مجوزہ ترامیم پر اعتراضات اور تجاویز مقررہ مدت میں ایف بی آر کو جمع کروائی جا سکیں گی۔ ایف بی آر نے ٹیکس نظام میں بڑے پیمانے پر نئی ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا۔ کاروبار کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے انٹیگریٹ کرنے پر ٹیکس کریڈٹ دینے کی تجویز ہے۔ مجوزہ رول 33-یو کے تحت ٹیکس کریڈٹ کیلئے الیکٹرانک نظام اسی ٹیکس سال میں خریدنا، نصب کرنا اور ایف بی آر سسٹم سے کامیابی سے انٹیگریٹ کرنا ہو گا۔

لاہور: جماعت اسلامی کے غزہ مارچ کے باعث مال روڈ پر ٹریفک جام ہے

ٹرائی نیشن کرکٹ سیریز کے دوران فول پروف سیکورٹی انتظامات کی ہدایت

کھلاڑیوں، آفیشلز اور شائقین کو بھرپور سیکورٹی فراہم کی جائے گی، سی سی پی او لاہور

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان ٹرائی نیشن کرکٹ سیریز کے دوران فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھلاڑیوں، آفیشلز اور شائقین کو بھرپور سیکورٹی فراہم کی جائے گی، اس حوالے سے تمام متعلقہ افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ بلال صدیق کمیانہ نے ماڈل ٹاؤن اور کینٹ ڈویژن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں پتنگ بازی کی روک تھام کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، خلاف ورزی پر متعلقہ ایس ایچ او جوابدہ ہو گا۔ سی سی پی او لاہور نے سود خور عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا مالی استحصال کرنے والے سود خوروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔

عمران خان کا طبی معائنہ کرنے والے ڈاکٹر فرقاد سینئر کارڈیالوجسٹ ہیں

8 سال سے لاہور میں مقیم، پی آئی سی کے بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ کرنے والے کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر فرقاد عالمگیر 8 سال سے لاہور میں مقیم اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین ہیں۔ ذرائع کے مطابق نگران دور حکومت میں ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کو پی آئی سی بورڈ آف گورنرز کا چیئرمین بنایا گیا تھا، موجودہ حکومت نے بھی ڈاکٹر فرقد کو چیئرمین برقرار رکھا، ڈاکٹر فرقاد جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے بورڈ آف گورنرز کے بھی چیئرمین ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر فرقاد برطانیہ میں سینئر کارڈیالوجسٹ کے طور پر بھی کام کرتے رہے ہیں، ان کے اہل خانہ برطانیہ میں مقیم ہیں اور ان کا آنا جانا رہتا ہے۔ ذرائع کے مطابق چند روز قبل بھی ڈاکٹر فرقاد برطانیہ گئے ہوئے تھے، برطانیہ میں بھی ڈاکٹر فرقاد مریضوں کو دیکھتے ہیں، ذرائع کا بتانا ہے کہ ڈاکٹر فرقاد بطور چیئرمین پی آئی سی کوئی تنخواہ اور مراعات نہیں لیتے۔

بینکاری نظام میں مسابقت نہ بڑھی تو معیشت کو مطلوبہ رفتار نہیں ملے گی، مدثر مسعود

نجی شعبے کیلئے قرضوں کیساتھ ایکویٹی، غیر بینکاری مالیاتی ذرائع کو فروغ دیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے مالیاتی نظام میں بینکوں کے بڑھتے ہوئے غلبے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت کی پائیدار ترقی کیلئے مالیاتی شعبے میں حقیقی مسابقت ناگزیر ہے، بینکوں پر ضرورت سے زیادہ انحصار کے باعث کاروباری طبقے خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کیلئے متبادل مالیاتی ذرائع محدود ہیں، حکومت اور متعلقہ اداروں کو مالیاتی شعبے میں نئے اور غیر بینکاری اداروں کے قیام کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے بانڈ مارکیٹ، ایکویٹی مارکیٹ اور دیگر مالیاتی ذرائع کو فعال بنانا ہو گا۔ انہوں نے تجویز دی کہ سرکاری سیکورٹیز میں سرمایہ کاری کیلئے عام شہریوں، پنشن فنڈز اور دیگر سرمایہ کاروں کو براہ راست اور آسان رسائی دی جائے۔ بینکوں کے ساتھ ساتھ غیر بینکاری مالیاتی اداروں، کریڈٹ یونینز اور دیگر متبادل اداروں کیلئے بھی سازگار ماحول پیدا کیا جائے۔

لاہور: انار کلی بازار میں شہری سٹال سے جوتے خرید رہے ہیں

بقیہ جات 1

بعد نئی تقرریوں سے انکار کرنے والے 63 سب رجسٹراروں میں سے صرف 20 افسران کو معطل کرنے کی سفارش کر دی گئی ہے جبکہ 43 بااثر اور منظورِ نظر افسران کو بچا لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو خالد حیدر شاہ نے وزیر اعلیٰ سندھ کو معطلی کی یہ متنازع سمری ارسال کی ہے۔ ذرائع کے مطابق معطلی سے بچائے گئے 43 افسران میں سے بیشتر کا تعلق بااثر سیاسی شخصیات، موجودہ اور سابق صوبائی وزرا سے ہے جس کی وجہ سے تمام تر ملبہ صرف 20 افسران پر ڈال دیا گیا ہے۔ قوانین کے مطابق اگر کوئی افسر ترقی قبول نہیں کرنا چاہتا تو یہ اس کا قانونی حق ہے، قواعد کے تحت اس پر کوئی جبر نہیں کیا جاسکتا لیکن اس معاملے میں اصولی طور پر یا تو تمام 63 افسران کے خلاف کارروائی ہونا چاہیے تھی یا پھر کسی کے خلاف بھی نہیں، مگر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نے قوانین کو پسِ پشت ڈال کر یہ دوہرا معیار اپنایا۔ ذرائع کے مطابق اس ساری کارروائی کا اصلی مقصد کراچی اور دیگر اہم شہروں میں تعینات موجودہ سب رجسٹراروں کو ہٹا کر اپنے من پسند اور نئے پروموٹ ہونیوالے افسران کیلئے راستے بنانا ہے، 6 ماہ کی لازمی ٹریننگ مکمل کیے بغیر ہی مبینہ کروڑوں روپے کے عوض پسندیدہ افسران کو اہم عہدوں پر بٹھانے کا پلان تیار کیا گیا ہے۔ منظور شدہ 8 آسامیوں میں سے 5 افسران پہلے ہی انسپکٹر کے عہدے پر کام کر رہے ہیں، اب صرف 3 خالی نشستوں کو بھرنے کیلئے 20 افسران کے خلاف معطلی کی سفارش کی گئی ہے۔ بورڈ آف ریونیو کے حکم پر متاثرہ سب رجسٹراروں میں شدید غصہ پایا جاتا ہے، انہوں نے ان احکامات کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہوئے اس ناانصافی کے خلاف عدالت جانے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سے موقف کیلئے رابطہ کیا گیا لیکن کوئی جواب نہ دیا گیا۔

بقیہ جات 2

چکا ہے کہ مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی بھی ملک کے خلاف نہیں ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سی این این کو دیئے گئے خصوصی انٹرویو میں کہا کہ میں تصدیق کرتا ہوں کہ پاکستان کی افواج پہلے ہی سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ پاک فوج میں سے کچھ فوجی اہلکار کافی عرصے سے سعودی عرب میں موجود ہیں، مکہ اتحاد کے حصے کے طور پر پاکستانی فوجی کئی دہائیوں سے وہاں موجود ہیں، دفاعی اتحاد کوئی ایسی چیز نہیں جو خلا سے وجود میں آئی ہو، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ فوجی تعلقات ہیں، مکہ اتحاد کوئی نئی پیش رفت نہیں، تینوں ممالک کے دیرینہ تعلقات ہیں، مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں۔

بقیہ جات 3

اعلامیہ کے مطابق معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 21.1 ارب ڈالر مل جائیں گے، آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ 21.1 ارب ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دے گا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان کے ساتھ موجودہ ای ایف ایف پروگرام کی 5 قسط کیلئے چوتھا جائزہ اجلاس ہوا۔ پاکستان کے ساتھ موسمیاتی تبدیلیوں کیلئے آر ایس ایف پروگرام کیلئے تیسرے جائزے کیلئے مذاکرات ہوئے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان نے معاشی اہداف کے حصول کے لیے بہترین کوششیں کیں، پاکستان میں آئی ایم ایف کے پروگرام سے معاشی استحکام آیا، پاکستان میں اصلاحات کا عمل تیز تر ہوا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ کلائیمٹ فنانسنگ پروگرام کے تحت پاکستان کو 20 کروڑ ڈالرز جاری کیے جائیں گے، مشکل بیرونی حالات کے باوجود پاکستان کی معاشی کارکردگی بہتر رہی ہے، حکومت نے تیل کے بحران کو بہتر انداز میں قابو کیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں جی ڈی پی 4 فیصد رہی ہے۔ گزشتہ برس جی ڈی پی 6.3 فیصد رہی ہے۔ اعلامیے کے مطابق مہنگائی کی شرح کم ہو کر اسٹیٹ بینک کے مقررہ ہدف میں واپس آرہی ہے، پاکستان نے تعلیم اور صحت کا بجٹ بڑھانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ پرائمری سرپلس جی ڈی پی کا 2 فیصد تک رہنے کی توقع ہے، پاکستان کے ساتھ آرٹیکل فور کے تحت بھی مذاکرات کامیاب ہو چکے ہیں۔ سال 2026 کے پہلے 9 ماہ میں معاشی شرح نمو 4 فیصد رہی جبکہ پورے سال کی شرح نمو 6.3 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے، مئی میں بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد ستمبر میں مہنگائی 3.10 فیصد تک کم ہوئی۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ ترسیلات زر میں مضبوط اضافے کے باعث متوازن رہا اور ستمبر کے اختتام تک زرمبادلہ کے ذخائر 21 ارب 50 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے۔ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کو بھی معاشی پالیسیوں پر اعتماد کی علامت قرار دیا گیا، جغرافیائی کشیدگی، توانائی کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، عالمی مالیاتی حالات میں سختی اور تجارتی رکاوٹیں معیشت کے لئے بڑے خطرات ہیں۔ آئی ایم ایف کی جانب سے کہا گیا کہ پاکستان مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھتے ہوئے مالی سال 2027ء کے بجٹ میں جی ڈی پی کے 2 فیصد کے بنیادی پرائمری سرپلس کے ہدف پر عمل کرے، ٹیکس نظام کو آسان اور کاروبار دوست بنایا جائے، ٹیکس وصولی کے نظام میں ڈیجیٹل انوائسنگ، آڈٹ اور تھرڈ پارٹی ڈیٹا کے استعمال کو بڑھایا جائے۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے صحت اور تعلیم پر اخراجات میں اضافے کو بھی اہم قرار دیا جنہیں مالی سال 2024 میں جی ڈی پی کے 2.2 فیصد سے بڑھا کر رواں مالی سال 5.2 فیصد کیا گیا، مالی سال 2027ء میں اسے 8.2 فیصد تک لے جانے کا ہدف ہے۔ کم آمدنی والے طبقے کے لیے نقد امداد بڑھانے کی تجویز کے ساتھ آئی ایم ایف نے وسیع پیمانے پر دی جانے والی ایندھن سبسڈی جلد ختم کرنے پر بھی زور دیا اور کہا مستقبل میں تیل کی قیمتیں غیر معمولی طور پر بڑھیں تو امداد صرف مستحق اور کمزور طبقات تک محدود ہونی چاہئے۔ سٹیٹ بینک کو مہنگائی واپس لانے کے لئے مناسب طور پر سخت مالیاتی پالیسی برقرار رکھنے، روپے کی شرح تبادلہ میں لچک اور زرمبادلہ ذخائر بڑھانے کا مشورہ دیا گیا، بجلی اور گیس کے نرخوں میں بروقت ایڈجسٹمنٹ، گردشی قرضے کی روک تھام، بجلی کی تقسیم کے نظام میں نجی شعبے کی شمولیت، مسابقت میں اضافہ اور گیس کے نقصانات کم کرنے کو بھی اہم اصلاحات قرار دیا گیا۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے نجکاری، سرکاری اداروں کی کارکردگی اور شفافیت بہتر بنانے، کاروباری مسابقت بڑھانے، تجارتی اور ریگولیٹری رکاوٹیں کم کرنے، بدعنوانی کے خلاف ادارہ جاتی اقدامات اور نجی سرمایہ کاری و برآمدات کے فروغ پر بھی زور دیا۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ پاکستان نے مجموعی طور پر معاشی استحکام کی جانب پیشرفت کی ہے تاہم مہنگائی، توانائی کی قیمتوں، قرضوں اور عالمی و علاقائی غیر یقینی صورتحال کے باعث اصلاحات کا عمل جاری رکھنا ناگزیر ہے۔ پاکستان کے سرکاری ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام پر مکمل عمل درآمد کیا جا رہا ہے، نجکاری کے پروگرام کو تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے نقصانات کو کم کیا جا رہا ہے، گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ روکا جا رہا ہے۔

بقیہ جات 4

مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو عصر حاضر سے ہم آہنگ کرے گا۔ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیر صدارت پاکستان ڈیجیٹل نیشن پروگرام کے تحت وفاقی وزارتوں کی کارکردگی، متعلقہ اعداد و شمار کی ڈیجیٹائزیشن پر پیشرفت جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ مختلف وفاقی وزارتوں نے اپنی عوامی خدمات، کارکردگی اور متعلقہ اعداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی۔ وفاقی وزارت صحت سے متعلقہ اعداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی اور ادویات کی معیاری تصدیق میں ڈیجیٹائزیشن کے استعمال پر خصوصی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے تمام وفاقی وزارتوں کو صوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے متعلقہ ڈیٹا کو ڈیجیٹائز کرنے کے عمل کو معینہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی خصوصی ہدایات جاری کیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی اور متعلقہ ڈیٹا کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو عصر حاضر سے ہم آہنگ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان کا مقصد درحقیقت قومی سطح پر شہریوں کے لیے موثر اور باسہولت خدمات کو یقینی بنانا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی سطح پر تمام شعبوں اور حکومتی اداروں کے کارآمد ڈیٹا کی ایک جگہ فراہمی ملکی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستحق طبقے کے لیے فیول سبسڈی سکیم پر کامیاب عمل درآمد میں اداروں کے مابین اعداد و شمار کی شراکت نے کلیدی کردار ادا کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ وزارتوں کی کارکردگی اور متعلقہ اعداد و شمار کی ڈیجیٹائزیشن دراصل کرپشن اور ادارہ جاتی بدنظمی کے سدباب کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی سطح پر صوبائی حکومتوں کے تعاون سے یونیورسل میڈیکل ریکارڈ مرتب کرنے کے لیے وزارت صحت کی جانب سے قابل تعریف اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک بھر میں معیاری ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کیوار کوڈ کا نفاذ لائق تحسین ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ وفاقی وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی تمام متعلقہ وزارتوں کے بھرپور تعاون کے ساتھ متعلقہ شعبہ جاتی ڈیجیٹائزیشن پر بھرپور اقدامات کر رہی ہے، عوام کی سہولت کے پیش نظر بنیادی سہولت کے شعبوں بالخصوص صحت، زراعت اور دیگر وزارتوں میں ڈیجیٹائزیشن کا عمل ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، وزارت قانون کے تعاون سے متعلقہ قومی قوانین کی ایک جگہ فراہمی کے لیے خصوصی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ مستقبل میں قانون سازی کے لیے بہتر رہنمائی مل سکے۔ بتایا گیا کہ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق ترجیحاتی سیکٹرز کی ڈیجیٹائزیشن پر کام جاری ہے اور ڈیجیٹل حکومتی خدمات، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل عوامی سہولت جیسے مقاصد کی تکمیل کے لئے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ، وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفی کمال، وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، اور متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ جات 5

تباہ کن زلزلے کی مناسبت سے 21ویں قومی یومِ استقامت پر اپنے پیغام میں زلزلہ متاثرین سے اظہارِ یکجہتی اور جاں بحق افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہر فرد آج بھی اس غیر معمولی زلزلے میں جاں بحق ہونے والوں کے دکھ کو محسوس کر کے افسردہ ہے، قیامت خیز گھڑی میں پاکستانی قوم کی ہمدردی، ایثار اور احساس کا جذبہ ناقابلِ فراموش ہے۔ انہوں نے کہا کہ زلزلے اور سیلاب کے دوران عوام کا اتحاد، یکجہتی، ثابت قدمی اور حوصلہ مندی قابل فخر قومی کردار ہے، ہر ریسکیو اور ریلیف آپریشن میں پاک فوج، پاک بحریہ، پاک فضائیہ، ریسکیو 1122، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے تمام اداروں کو ہر وقت تیار رہنا چاہیے، کیونکہ بروقت تیاری کے ذریعے انسانی جان و مال اور ماحول کو قدرتی آفات کے تباہ کن اثرات سے بچایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث آنے والے سیلاب، زلزلوں اور سموگ سے نمٹنے کے لیے مؤثر پالیسی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے مطابق پنجاب نے تاریخ کے سب سے بڑے سیلاب کا سامنا کیا اور سب سے بڑا ریسکیو، ریلیف اور انخلا آپریشن کیا، پنجاب کو لاکھوں انسانی جانوں کے ساتھ ساتھ لاکھوں مویشیوں کو بھی بچانے کا اعزاز حاصل ہوا۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کو سیلاب، زلزلے اور دیگر قدرتی آفات سے محفوظ رکھنے کے لیے حکومت پنجاب کے تمام ادارے ہمہ وقت متحرک اور سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قدرتی آفات کے دوران جانی و مالی نقصان سے بچاؤ کے لیے پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 6

استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ منشیات کا استعمال ملکی سلامتی کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے، اب منشیات سے حاصل ہونے والا پیسہ دہشت گردی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جسٹس فاروق حیدر کی سربراہی میں لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے منشیات کیس میں ملزم ملک افتخار تاج کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان رضا تفتیشی افسر کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے جبکہ پراسیکیوشن کی جانب سے ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل ہارون الرشید پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے منشیات کے استعمال کے معاشرے پر اثرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ جسٹس فاروق حیدر نے ریمارکس دیئے کہ منشیات کا استعمال ملکی سلامتی کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے۔ اب منشیات کا پیسہ دہشت گردی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جسٹس فاروق حیدر نے مزید ریمارکس دیئے کہ منشیات کی وجہ سے لوگوں کے گھر بک گئے، عزتیں تک بک جاتی ہیں۔ عدالت نے منشیات کیس کی تفتیش اور مقدمہ درج کرنے میں تاخیر پر ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سے بھی سوالات کیے۔

بقیہ جات 7

سیکرٹری پیرا اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطین میں ڈھائے جانے والے اسرائیلی مظالم پر عالمی ضمیر کی مجرمانہ خاموشی انتہائی افسوس ناک ہے۔ فلسطین میں اسرائیلی جارحیت اور بربریت کو تین سال مکمل ہو چکے ہیں مگر بدقسمتی سے مسلم دنیا کے حکمران بے حسی کی چادر اوڑھے سوئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ تاریخ کا یہ المیہ ہے کہ مظلوم فلسطینی خون میں نہا رہے ہیں اور امتِ مسلمہ کے حکمران وقتی مصلحتوں کے اسیر بنے ہوئے ہیں۔ قائدین نے دوٹوک الفاظ میں خبردار کیا کہ مسلم حکمران مسئلہ فلسطین پر اپنی شرعی اور ملی ذمہ داریاں پوری نہ کر کے غفلت کا شکار ہیں اور اس بے حسی کے ذریعے اللہ کے عذاب کو دعوت دے رہے ہیں۔

بقیہ جات 8

پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے 4 اہم کمانڈرز سمیت 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کے عزم، بہادری اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے بیان میں کہا کہ عزمِ استحکام ویژن کے تحت دہشت گردوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ الخوارج کے تمام عناصر کا مکمل قلع قمع کرنے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رکھی جائے گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کی لعنت کے مکمل خاتمے کے لیے پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ جات 9

کہ آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے چوتھے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلیٹی (آر ایس ایف) کے تیسرے جائزے پر اسٹاف سطح کا معاہدہ پاکستان کے معاشی استحکام اور اصلاحات کے سفر میں اہم پیش رفت ہے۔ جمعرات کو یہاں جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ معاہدے سے تقریباً 2.1 ارب ڈالر کی اضافی فنانسنگ کی راہ ہموار ہوئی ہے، خرم شہزاد نے کہا کہ آئی ایم ایف کے جائزے کے مطابق مشکل بیرونی ماحول کے باوجود پروگرام پر عملدرآمد مجموعی طور پر درست سمت میں جاری رہا، مضبوط پالیسیوں کے باعث معاشی استحکام برقرار رکھنے میں مدد ملی، جس میں مشرق وسطی کے تنازع کے اثرات سے نمٹنا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر 2026 کے اختتام تک پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 5.21 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جبکہ مالی سال 26 ـ 2025 کے دوران ترسیلات زر کی مضبوط آمد کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ مجموعی طور پر متوازن رہا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایف نے قرار دیا ہے کہ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی کیپٹل مارکیٹ تک دوبارہ رسائی بھی پاکستان کی پالیسی ساکھ میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ جات 10

کارکردگی، میاں محمد ناظم کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نواز دیا گیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سوشل میڈیا ٹیم کی موثر اور فعال کارکردگی کا اعتراف کرتے ہوئے میاں محمد ناظم ضلعی جنرل سیکرٹری سوشل میڈیا ٹیم مسلم لیگ (ن) کو پارٹی کی جانب سے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ کی طرف سے تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا، اس موقع پر عطا اللہ تارڑ نے سوشل میڈیا ٹیموں کی پارٹی بیانیے اور سرگرمیوں کو موثر انداز میں عوام تک پہنچانے میں کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں سوشل میڈیا سیاسی جماعتوں کے پیغام کو عوام تک پہنچانے کا اہم ذریعہ ہے، کارکنوں کی محنت اور مثبت انداز میں پارٹی سرگرمیوں کی تشہیر قابلِ تحسین ہے۔ میاں محمد ناظم نے تعریفی سرٹیفکیٹ ملنے پر پارٹی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ مسلم لیگ ن کے منشور، قیادت کے پیغام اور عوامی فلاح سے متعلق اقدامات کو سوشل میڈیا کے ذریعے مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

بقیہ جات 11

تعمیر کر لیا۔ نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے دونوں علاقوں کے درمیان طویل سفر کم ہو کر محض چند گھنٹوں کا رہ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک فوج کی جانب سے شگمہ استور سے منٹھو سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار گزار روڈ ٹریک کی تعمیر مکمل کی گئی ہے جس سے استور اور سکردو کے درمیان آمدورفت میں آسانی پیدا ہوگی۔ شگمہ منٹھو روڈ ٹریک کی تعمیر سے گلتری کی پھوٹاکس وادی کے 8 دیہات کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز سے براہ راست رابطہ بھی بحال ہو گیا ہے، نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے استور اور سکردو کے درمیان مقامی تجارت، زراعت اور لائیو اسٹاک کی نقل و حمل کو فروغ ملے گا، جبکہ دونوں علاقوں کے درمیان سفر کا دورانیہ بھی کم ہو گیا ہے۔ دفاعی اقدامات کے ساتھ عوام کی سماجی اور اقتصادی خوشحالی کے لیے پاک فوج کا یہ تعمیراتی اقدام اس عزم کو ظاہر کرتا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود اور ترقی بھی پاک فوج کی ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ جات 12

وزیر اعظم اسحق ڈار نے فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ اور غیر قانونی بستیوں کی مسلسل توسیع اور القدس الشریف کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور مشترکہ آبی وسائل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی خطرناک کوشش ہے، ایسا اقدام پاکستان کے 25 کروڑ عوام کی پانی، غذائی اور توانائی کی سلامتی کو خطرے میں ڈالتا ہے، افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ جمعرات کو پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے اختتام پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اجلاس انتہائی دوستانہ اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا جس میں پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ دوستی، برادرانہ تعلقات اور باہمی اعتماد کی عکاسی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50ویں سالگرہ ہے اور اس موقع پر دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے بتایا کہ مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کا پروٹوکول طے پا گیا ہے جو باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط اور وسعت دینے کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کا اہم نتیجہ متعدد مشترکہ ورکنگ گروپس کو فعال بنانا ہے، جو باقاعدہ رابطے اور مشترکہ وزارتی کمیشن کے فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے میں مدد دیں گے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک نے تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنرمندی کی ترقی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت متعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان قریبی روابط کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس شعبے میں مزید تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے بحرین میں پاکستانی کمیونٹی کی قابل قدر خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستانی برادری دونوں برادر ممالک کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کر رہی ہے، لیبر موبلیٹی، پیشہ ورانہ تربیت اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے تاکہ ہنرمند پاکستانی پیشہ ور افراد اور کارکنوں کے لیے نئے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔

بقیہ جات 13

جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گا، پاکستانی پولیس کے افسران اور اہلکار اقوام متحدہ پولیس میں بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، پاکستان نے امن مشنز میں 181 جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے۔ وزیر داخلہ نے قدرتی آفات کے دوران پاکستان کی بھرپور امداد پر جنرل سیکرٹری اقوام متحدہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 14

اور پراجیکٹس سے آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ورکرز کی فلاح و بہبود، راشن کارڈ، لیبر قوانین اور لیبر کالونیز سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبہ میں لیبر اور ورکرز کو راشن کارڈ دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔ ڈائریکٹر جنرل آئی ایل او نے پنجاب میں صنعتی ورکرز کیلئے اپارٹمنٹس کی الاٹمنٹ کے اقدام کو سراہا۔ عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو یو این ایس ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ ملنے پر مبارکباد دی اور خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لیبر کوڈ 2026 کے تحت کم از کم اجرت میں اضافہ، مزدوروں کی باقاعدہ رجسٹریشن اور لیبر قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبہ میں چائلڈ لیبر کے خاتمے کیلئے خصوصی ہیلپ لائنز اور بحالی (Rehabilitation) مراکز بھی قائم کیے جا رہے ہیں۔ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن (PESSI) محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ کو صحت کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔

بقیہ جات 15

۔ واضح رہے کہ سندھ ہائیکورٹ میں آئینی بنچز کی مدت 25 اکتوبر کو ختم ہو رہی ہے۔

بقیہ جات 16

مفت نفسیاتی اور ایمرجنسی معاونت فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق شہری گھر بیٹھے ذہنی دباؤ، گھریلو مسائل اور دیگر نفسیاتی مشکلات پر ماہرین نفسیات سے مفت رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں جبکہ شناخت ظاہر کیے بغیر بھی اپنے مسائل شیئر کرنے کی سہولت دستیاب ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق نیکسٹ جین سیفٹی ایپ کے ذریعے 9 ہزار 261 کیسز میں شہریوں کو مدد، رہنمائی اور کونسلنگ فراہم کی گئی جبکہ 2 ہزار 740 افراد نے شناخت ظاہر کیے بغیر رہنمائی حاصل کی۔ اسی طرح 2 ہزار 652 ویڈیو کالز کے ذریعے بھی شہریوں کو مشاورت اور معاونت فراہم کی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ نیکسٹ جین سیفٹی ایپ نوجوان نسل، خصوصاً جنریشن زی کے لیے ایک محفوظ ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے، جہاں وہ اعتماد کے ساتھ اپنی مشکلات بیان کر کے پیشہ ورانہ رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

بقیہ جات 17

درآمد کی گئی تھیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق مقامی مینوفیکچررز کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافے پر تحفظات ہیں جب کہ امپورٹرز اس اقدام سے آٹو سیکٹر میں مسابقت مزید بڑھنے کا امکان ظاہر کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 18

درآمد کی گئی تھیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق مقامی مینوفیکچررز کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافے پر تحفظات ہیں جب کہ امپورٹرز اس اقدام سے آٹو سیکٹر میں مسابقت مزید بڑھنے کا امکان ظاہر کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 19

مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کی پارٹی کے لیے طویل جدوجہد اور گراں قدر خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مخدوم پیر عارف زمان قریشی نے شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو سے موجودہ قیادت تک پارٹی سے اپنی وفاداری اور وابستگی برقرار رکھی، ان کی وفات پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ مخدوم پیر عارف زمان قریشی کی پارٹی اور جمہوری جدوجہد کے لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ جات 20

کے توڑوں کپڑے کی چادروں اور گتے کے ڈبوں میں چھپایا ہوا تھا۔ پولیس نے محمد علی اور عمر فاروق کے خلاف کائیٹ فلائنگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن سدرہ خان کا کہنا ہے پتنگ بازی کی اجازت حکومتی احکامات پر بسنت کے دنوں میں ہے، خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی۔

بقیہ جات 21

لوگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ اتنی کمزور، نالائق اور نااہل حکومت ہے کہ ان کے اپنے وزراء اور ایم پی اے اُٹھائے جا رہے ہیں تو استعفیٰ دے دیں، ان کے رہنما، وزراء اور منتخب نمائندے خود گرفتاریاں دے رہے ہیں اور روپوش ہو رہے ہیں۔ گورنر نے کہا کہ اگر انہوں نے آئین کی کوئی خلاف ورزی کی ہے تو پی ٹی آئی ان کے خلاف عدالت چلی جائے۔

بقیہ جات 22

حاضری لازمی ہے، ویڈیو لنک کے ذریعے مقدمے کی نقول فراہم کرنا ممکن ہے۔

بقیہ جات 23

ہفتہ وار براہ راست شپنگ رابطہ فراہم کیا جائے گا۔ وزیر بحری امور کے مطابق ایم ایس سی کا جہاز کراچی گیٹ وے ٹرمینل انٹرنیشنل پر ہر ہفتے لنگر انداز ہوگا اور کولمبو کے راستے یورپ کی اہم بندرگاہوں فیلکس اسٹو، روٹرڈیم، ہیمبرگ، بریمرہیون، اینٹورپ، لے ہاور اور لندن گیٹ وے سے منسلک ہوگا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یورپ کیلئے مخصوص شپنگ سروس کی بحالی برآمدی صنعت، بالخصوص ٹیکسٹائل کے شعبے کیلئے اہم پیش رفت ہے، جو بین الاقوامی شپنگ روٹس میں رکاوٹوں کے باعث طویل ٹرانزٹ اوقات اور بڑھتے ہوئے لاجسٹکس اخراجات سے متاثر ہو رہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیکسٹائل برآمد کنندگان نے حال ہی میں شپنگ روٹس میں تبدیلی، خصوصاً بحیرہ احمر کی صورتحال کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات سے آگاہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کے مطابق جہازوں کے طویل سفر کے باعث یورپ اور امریکا کیلئے برآمدی سامان کی ترسیل کے اخراجات اور وقت دونوں میں اضافہ ہوا، جس سے پاکستانی برآمد کنندگان کی عالمی منڈی میں مسابقت متاثر ہوئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت برآمدی شعبے کے تحفظات شپنگ کمپنیوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے سامنے اٹھا رہی ہے تاکہ سمندری رابطوں کو بہتر بنایا اور بین الاقوامی تجارت کو سہولت فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ قابل اعتماد اور مستقل شپنگ رابطے پاکستان کے برآمد کنندگان کیلئے انتہائی اہم ہیں، حکومت کی کوشش ہے کہ بحری شعبہ تجارت کو مؤثر معاونت فراہم کرے، لاجسٹکس کی رکاوٹیں کم ہوں اور عالمی منڈیوں تک پاکستان کی رسائی مزید بہتر بنائی جائے۔

بقیہ جات 24

کہ پی ٹی آئی کی تمام قیادت زوم پر جاری ہنگامی اجلاس میں شریک ہے۔ واضح رہے کہ مولانا فضل الرحمن نے حکومت کو گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ کرنے کے بجائے معاملات افہام و تفہیم سے حل کرنے کا مشورہ دیا تھا جس پر حکومت نے انہیں مذاکرات میں کردار ادا کرنے کے لیے کہا تھا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز حکومتی وفد میں شامل رانا ثنا اللہ، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور طارق فضل چوہدری نے مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کی تھی۔

بقیہ جات 25

کر دیا، سینئر بھارتی صحافی اور دی پرنٹ انڈیا کے ایڈیٹر اجے شکلا نے بھارتی ڈرامے کو بے نقاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت میں خفیہ ایجنسیوں، عدالتوں اور فوج جیسے ریاستی اداروں کو سیاسی مفادات کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلوامہ، پہلگام، پٹھان کوٹ سمیت متعدد واقعات کا جھوٹا الزام پاکستان پر لگا کر اس کا سیاسی فائدہ حاصل کیا گیا، پہلگام فالس فلیگ پر بھی پارلیمنٹ میں بحث کی بجائے فرضی انکاؤنٹرز میں دہشت گردوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا گیا۔ اجے شکلا نے کہا کہ اس بار مقبوضہ کشمیر میں سابق پاکستانی ایس ایس جی کمانڈو کی شہادت کا ڈرامہ رچایا گیا جس سے بھارت کو ہزیمت کا سامنا ہوا، بھارت کے پاس کسی چیز کے ثبوت نہیں اگر ہوتے تو عالمی فورمز پر رکھے جاتے جو کہ نہیں رکھے گئے۔ بھارتی صحافی نے کہا کہ یہ سب فالس فلیگ آپریشنز وزیراعظم آفس میں بیٹھا اجیت دوول کروا رہا ہے، بھارتی میڈیا اجیت دوول کی ایما پر جھوٹی خبریں اور من گھڑت بیانیے چلاتا ہے۔ بھارتی عوام مودی کے سیاسی مفاد کیلئے فالس فلیگ آپریشنز اور افواج کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کے ہتھکنڈے کو پہچان چکے ہیں۔

بقیہ جات 26

کا جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ گاڑی کو تھانے میں بھی بند کروا دیا گیا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق سیکٹر انچارج شفیع گجر نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ویگن کو روکا، ون ایپ میں کے ذریعے ای چالان چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ 54 بار ٹریفک قوانین، خصوصاً خلاف ورزی کی مرتکب ہو چکی تھی۔ ٹریفک پولیس کے مطابق ویگن ڈرائیور پر 2 لاکھ 85 ہزار جرمانہ عائد کیا گیا اور گاڑی کو تھانے منتقل کر دیا گیا، اس کے علاوہ ای چالان نادہندہ سرکاری محکموں کو کلیئرنس کے لئے مراسلے بھی ارسال کر دیئے گئے ہیں۔ سید عبدالرحیم شیرازی کا کہنا تھا کہ منظم ٹریفک کے حصول کے لئے ای چالان و ڈیجیٹل چالان نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا، نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔ سی ٹی او نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ای چالان سے بچنے اور محفوظ سفر کے لیے ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں۔

بقیہ جات 27

رموجود اپنے پراکسیز کی فعال معاونت کے ذریعے فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) اور فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) جیسے دہشت گرد گروہوں کی مدد اور سرپرستی کر رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بیرونِ ملک ماورائے علاقائی قتل اور ٹارگٹ کلنگ میں بھارت کے کردار سے پوری دنیا واقف ہے۔ جواد اجمل نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت، اپنے عوام اور اپنی سلامتی کا دفاع کرے گا۔

بقیہ جات 28

فروخت کے خلاف دائر درخواست پر متعلقہ اداروں کی جانب سے جواب جمع نہ کروانے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے سیکرٹری داخلہ، چیئرمین ایف بی آر، سیکرٹری کامرس اور ممبر کسٹمز کو 15 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے سائلہ نادرہ بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ڈپٹی ڈائریکٹر این سی سی آئی اے حسن نقوی سمیت دیگر افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ این سی سی آئی اے کے افسران ڈپٹی اٹارنی جنرل رفاقت علی ڈوگر کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل رفاقت علی ڈوگر نے این سی سی آئی اے کی جانب سے رپورٹ عدالت میں جمع کروائی۔ دوسری جانب پی ٹی اے کی جانب سے لیگل ایڈوائزر محمد افضل خان عدالت میں پیش ہوئے اور جواب جمع کروانے کے لیے مہلت کی استدعا کی۔ عدالت نے پی ٹی اے کی مہلت دینے کی استدعا منظور کر لی۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ باقی فریقین کو بھی نوٹس بھجوائے گئے تھے، ان کے جوابات کیوں نہیں آئے؟

بقیہ جات 29

عمر مسعود، ایگزیکٹو ڈائریکٹر بورڈ آف انویسٹمنٹ ڈاکٹر ارفعہ سمیت گریڈ 20 کے سینئر افسران شامل تھے۔ دورے کے دوران وفد کو پنجاب میں صنعتی زونز قائم کرنے کے طریقہ کار،، صنعتی زونز کے ترقیاتی کاموں،، صوبے میں صنعتی ترقی میں پیڈمک کے کردار پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران کی جانب سے پیڈمک کی کاوشوں اور صوبے میں صنعتی ترقی میں ان کے کردار کو سراہا گیا۔ وفد کو سندر انڈسٹریل اسٹیٹ میں مختلف صنعتی یونٹس کا دورہ بھی کروایا گیا۔ سندر اسٹیٹ میں بہترین انفراسٹرکچر اور مینجمنٹ پر سینئر افسران نے پیڈمک اور سندر کی مینجمنٹ کو سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیڈمک شہزاد اعظم خان نے کہا کہ پیڈمک پنجاب میں صنعتی ترقی اور صنعتکاروں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لئے پیڈمک تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے صنعتکاروں کے لیئے ون ونڈو سروس کی سہولت فراہم کی گئی ہے جہاں ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جاتے ہیں پیڈمک پنجاب حکومت اور صنعتکاروں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے ہم امید کرتے ہیں کہ پنجاب حکومت صنعت دوست پالیسیز متعارف کروانے اور ان پر عملدرآمد کروانے کا تسلسل برقرار رکھے گی۔ دورہ کے اختتام پر وفد کو یادگاری شیلڈ بھی دی گئی۔

بقیہ جات 30

کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان زرعی ملک ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے تقریباً 260 ملین آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ چاول، مکئی اور آلو سمیت مختلف زرعی اجناس برآمد بھی کر رہا ہے۔ وزیراعظم شریف زرعی شعبے کو خصوصی اہمیت دے رہے ہیں اور اس کی ترقی کے لیے دن رات کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، لائیو اسٹاک اور دیگر متعلقہ شعبوں میں نئی ٹیکنالوجی متعارف کرائی جا رہی ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے بہتر اور زیادہ مزاحمت رکھنے والے بیج متعارف کرانے پر بھی کام جاری ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کا پاکستان پر نمایاں اثر پڑا ہے، حالانکہ عالمی کاربن اخراج میں پاکستان کا حصہ انتہائی کم ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور موسمیاتی مزاحمت رکھنے والے طریقوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے اثرات سب سے زیادہ پاکستان کو برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث پاکستان کو زلزلوں، سیلاب اور دیگر قدرتی آفات جیسے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، جن کے اثرات آنے والے عرصے میں بھی برقرار رہنے کا خدشہ ہے

بقیہ جات 31

واٹرنگ سیٹ نصب کیے گئے ہیں تاکہ نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے عملے کو ہدایت کی ہے کہ وہ معیار رفتار پر خصوصی توجہ دے۔

بقیہ جات 32

ایک وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے تاجروں کی اہمیت کو سراہا اور کہا کہ ملوں میں تیار ہونے والی تمام مصنوعات تاجروں کے ذریعے ہی فروخت ہوتی ہیں اس لئے اُن کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شر پاور دراصل تاجروں کے پاس ہے اور جی ڈی پی میں بھی ان کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں اور صنعتکاروں کو چیمبر کے پلیٹ فارم پر متحد ہو کے کام کرنا ہوگا اور کوئی وجہ نہیں کوئی بھی حکومت یا ادارہ اُن کے اجتماعی مسائل کو نظرانداز کر سکے۔ عارف احسان ملک نے کہا کہ شہر میں beautification کی وجہ سے اندرون شہر گاہکوں کی رسائی میں مشکلات ہیں وہ تاجروں سے مل کر پارکنگ سمیت دیگر مسائل کے حل کیلئے کام کریں گے۔ انہوں نے ایس آر او 1109 کا ذکر کیا اور کہا کہ وقتی طور پر اس کو معطل کر دیا گیا مگر یہ مسئلہ کسی وقت بھی دوبارہ سر اٹھا سکتا ہے۔ اِس لیے اس کے مستقل حل کیلئے کوششیں کی جائیں گی۔ انہوں نے چیمبر کی طرف سے سینئر نائب صدر میاں محمد سعید کو ایسوسی ایٹ کلاس کیلئے فوکل پرسن نامزد کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ آپ بھی اپنا فوکل پرسن دیں تاکہ چیمبر اور انجمن تاجران مل کر مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھ سکیں۔ نیشنل گروپ کے سربراہ میاں محمد ادریس نے کہا کہ چیمبر بزنس کمیونٹی کے مسائل کو حل کرنے کیلئے بہترین پلیٹ فارم ہے اور ہم سب کو اس پلیٹ فارم سے مل کر جدوجہد کرنی ہوگی

بقیہ جات 33

کی پیشہ ورانہ تربیت اور ایمرجنسی رسپانس کی صلاحیت بھی جانچی جائے گی۔ سی سی پی او نے بینک سکیورٹی گارڈز کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دینے، بینکوں اور مالیاتی اداروں میں سکیورٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے اور ڈویژنل ایس پیز کو بینکوں و حساس مقامات کے سکیورٹی انتظامات کی مسلسل مانیٹرنگ کی ہدایت کی ہے۔ لاہور پولیس نے نجی سکیورٹی کمپنیوں کے ساتھ کوآرڈینیشن مزید موثر بنانے، سکیورٹی انتظامات میں غفلت کی صورت میں فوری اصلاحی اقدامات کرنے اور نجی سکیورٹی شعبے میں تربیت، تعیناتی کے معیار اور ایس او پیز پر عملدرآمد کے نظام کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا ہے

بقیہ جات 34

اور استقامت کا مظاہرہ کیا، وہ ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہے۔ انہوں نے یاد کرتے ہوئے کہا کہ زلزلے کے بعد انہوں نے ذاتی طور پر متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، ریلیف کیمپوں میں خدمات انجام دیں اور قومی و بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر امدادی کارروائیوں کو منظم کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میں نے خود مظفر آباد، بالاکوٹ اور باغ کے علاقوں میں کئی دن گزارے، زخمیوں کی عیادت کی، بے سہارا خاندانوں کی دادرسی کی اور کوشش کی کہ ہر متاثرہ شخص تک امداد پہنچے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت ملک بھر سے رضاکاروں، افواج پاکستان، سول سوسائٹی اور عالمی اداروں نے جس جذبے سے کام کیا وہ ایک مثال بن گیا۔ انہوں نے اس موقع پر خاص طور پر شہدا کو یاد کیا اور ان کے لواحقین سے اظہار یکجہتی کیا، ان کا کہنا تھا کہ ہمیں نہ صرف ماضی کو یاد رکھنا ہے بلکہ آئندہ کے لیے بھی خود کو قدرتی آفات سے نمٹنے کے قابل بنانا ہے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ مشکلات خواہ جتنی بھی بڑی ہوں، اگر ہم متحد رہیں تو ان پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

بقیہ جات 35

خلاف کوئی براہ راست گواہ بھی موجود نہیں۔ عدالت میں سرکاری وکیل نے کہا کہ ملزمہ نے ایک ٹی وی شو میں بچے کو قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ جسٹس شکیل احمد نے کہا کہ صرف ٹی وی پروگرامز قابلِ قبول شواہد نہیں، دیگر شواہد ہونے چاہئیں، تفتیشی افسر نے اس مقدمے میں اپنی ذمے داری پوری نہیں کی۔ جسٹس ملک شہزاد نے کہا کہ گواہیوں اور میڈیکل رپورٹ میں تضاد ہے۔

بقیہ جات 36

میں انفورسمنٹ کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آن لائن خریداری کے عمل کو مزید شفاف بنانے اور صارفین کو فراڈ سے محفوظ رکھنے کیلئے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔

بقیہ جات 37

سے بڑی تعداد میں ووٹ حاصل ہوئے۔ انہیں پاکستان سے تعلق رکھنے والا وہ واحد پاکستانی طالب علم رہنما بھی قرار دیا جا رہا ہے جنہوں نے یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس یونین صدارتی انتخابات میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کر کے یہ عہدہ حاصل کیا۔ ان کی یہ کامیابی برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے لیے بھی باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی میں طلبہ کی فلاح و بہبود اور ان کی بہتری کے لیے مختلف اقدامات پر کام کیا ہے، جن میں طلبہ کے لیے فنڈنگ اور گرانٹس حاصل کرنا، سہولیات کو بہتر بنانا اور ضرورت مند طلبہ کو مدد فراہم کرنا شامل ہے۔ محمود برانہ نے حال ہی میں گڈ لینڈ لارڈ چارٹر کے حوالے سے بھی طلبہ کے لیے کام کیا ہے، جس کا مقصد طلبہ کو رہائش اور مکان مالکان سے متعلق بہتر معاونت اور آگاہی فراہم کرنا ہے۔ اس کے علاوہ محمود برانہ نے اینڈی برنہم کے ساتھ بھی کام کیا ہے، جب وہ میئر آف گریٹر مانچسٹر تھے۔ ان کی ٹیم کے رکن کی حیثیت سے محمود برانہ نے مختلف کمیونٹی اور طلبہ سے متعلق اقدامات میں حصہ لیا اور اپنی قیادت اور عوامی خدمت کے تجربے کو مزید مضبوط بنایا۔ طلبہ کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی سرگرمیوں میں مفت کھانے کی تقسیم اور ضرورت مند طلبہ کے لیے معاونتی اقدامات بھی شامل ہیں۔ ان کی توجہ طلبہ کی آواز کو یونیورسٹی انتظامیہ تک پہنچانے اور ان کے لیے عملی سہولیات اور مواقع میں اضافہ کرنے پر رہی ہے۔ محمود برانہ کی یہ کامیابی نہ صرف ان کی ذاتی کامیابی ہے بلکہ پاکستان کے لیے بھی باعثِ فخر ہے۔ ایک پاکستانی طالب علم کا برطانیہ کی یونیورسٹی میں اتنا اہم طلبہ قیادت کا عہدہ حاصل کرنا اور دوبارہ طلبہ کے ووٹ سے منتخب ہونا پاکستانی طلبہ کی صلاحیت، قیادت اور کمیونٹی میں فعال کردار کو نمایاں کرتا ہے۔

بقیہ جات 38

26 افراد گرفتار کر لئے گئے۔ ہنی ٹریپ کارروائی کے دوران 17 خواتین کو گرفتار کر کے 35 موبائل فون اور دو لیپ ٹاپ بھی برآمد کر لئے گئے، خواتین آن لائن رابطوں کے ذریعے مردوں کو ویڈیو کالز پر لا کر مالی فوائد حاصل کرتی تھیں، یہ خواتین غیر اخلاقی گفتگو اور ویڈیو رابطوں کے ذریعے شہریوں کو اپنے جال میں پھنساتی تھیں۔ علامہ اقبال ٹاؤن میں غیر ملکی شہریوں سے فراڈ کرنے والے کال سنٹر کے خلاف کارروائی کی گئی، جہاں غیر ملکی شہریوں کو موبائل فون اور مواصلاتی پیکیجز کی فراہمی کے نام پر رقم وصول کی جاتی تھی، رقم وصول کرنے کے بعد موبائل فون فراہم نہ کیے جاتے اور متاثرین کو مختلف تاریخیں دے کر ٹالا جاتا تھا، فراڈ کال سینٹر سے 9 مرد گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 10 موبائل فون اور پانچ لیپ ٹاپ برآمد کر لئے گئے۔ دونوں کارروائیوں کے مقدمات درج کر لئے گئے اور گرفتار افراد سے تفتیش اور برآمد آلات کی جانچ جاری ہے۔

بقیہ جات 39

سمیت مجموعی طور پر 30 مختلف بلز کی منظوری پر بھی اتفاق ہو گیا ہے۔

بقیہ جات 40

منشیات سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان میں اویس، وسیم اور جاوید شامل ہیں، جن کے قبضے سے ڈیڑھ کلو سے زائد آئس برآمد ہوئی۔ ایس پی کینٹ عثمان عزیز میر کے مطابق گرفتار ملزمان نے مضافاتی علاقوں میں نوجوان نسل کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے انہیں مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 41

جاسکتا تاہم بروقت وارننگ، مئثر ادارہ جاتی رابطے، بہتر ہنگامی ردعمل اور مضبوط ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ذریعے جانی و مالی نقصانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ مشکل کی ہر گھڑی میں قومی یکجہتی، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کے جذبے کو برقرار رکھنا ہوگا۔

بقیہ جات 42

پنجاب کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس کی ملکیت میں کون کون سے اثاثے موجود ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ صوبائی اثاثوں کی مکمل دیکھ بھال اور انتظام کے لیے خودمختار ادارہ قائم کر دیا گیا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اثاثوں کی مالیت کا تعین نہ ہونے اور سرکاری اراضی کے غیر تسلی بخش استعمال کے باعث صوبے کو ریونیو کا نقصان ہو رہا تھا، جس کے تدارک کے لیے اثاثوں کو یکجا کیا گیا ہے۔ اجلاس میں سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضوں کے خطرے اور قیمتی املاک کی بازیابی کے لیے مہنگی قانونی چارہ جوئی کے معاملات بھی زیر غور آئے۔ اجلاس میں سرمایہ کاری اور نجکاری کی صلاحیت رکھنے والے سرکاری اثاثوں کی ترجیحی بنیادوں پر نشاندہی کے منصوبے پر بھی غور کیا گیا۔ سرکاری املاک سے آمدن حاصل کرنے کے لیے لیز، کرایہ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور مشترکہ منصوبوں کے طریقہ کار اختیار کرنے پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں واضح کیا گیا کہ اثاثوں کی منتقلی، مالیت کے تعین اور مینجمنٹ سے متعلق معاملات صوبائی کابینہ کی منظوری سے مشروط ہوں گے۔

بقیہ جات 43

دیتے ہوئے کہا کہ ان منصوبوں میں تاخیر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ معیار، شفافیت اور عوامی مفاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ کمشنر نے افسران کو فیلڈ مانیٹرنگ اور ذاتی نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور بتایا کہ صاف پانی، بہتر نکاسی آب اور شہری سہولیات حکومت کی ترجیحات ہیں اس لئے رکاوٹوں کے فوری خاتمہ اور محکموں میں مئثر کوآرڈی نیشن کی ہدایت کرتے ہوئے عوامی وسائل کے شفاف استعمال اور جوابدہی پر زور دیا۔ کمشنر نے پی ڈی پی منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچانے کی ہدایت کی جن میں جدید شہری انفراسٹرکچر کی ترقی حکومت پنجاب کے ایجنڈے میں شامل ہے۔

بقیہ جات 44

۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں آٹے اور اس سے متعلقہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ گزشتہ چند روز کے دوران 15 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 250 روپے، 5 کلو ہول گرین آٹے کی قیمت میں 15 روپے، 80 کلو میدہ فائن کی بوری کی قیمت میں 1500 روپے جبکہ 50 کلو سوجی کے تھیلے کی قیمت میں 700 روپے تک اضافہ ہوا ہے۔ چکی آٹے کی فی کلو قیمت میں بھی 5 روپے کا اضافہ ہو گیا ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات مزید بڑھ گئی ہیں

بقیہ جات 45

لم ہو جائیگا، قیدیوں کے حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جاتا، جوڈیشل افسران باقاعدگی سے اڈیالہ جیل کا دورہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ جیل میں 6 مرد اور ایک خاتون ڈاکٹر تعینات ہیں، جیل میں ای سی جی، الٹرا ساؤنڈ، ڈینٹل اور دیگر طبی سہولتیں دستیاب ہیں، اڈیالہ جیل میں دستیاب طبی سہولتیں شاید قیدیوں کو جیل سے باہر بھی میسر نہ ہوں۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے مطابق اڈیالہ جیل میں ایچ آئی وی کے تقریباً 100 کیسز ہیں، ایچ آئی وی کے بیشتر کیسز قیدی جیل میں داخلے سے پہلے ہی ساتھ لاتے ہیں۔

بقیہ جات 46

کو متحرک کریں گے۔ انہوں نے جیلوں میں جدید سہولیات سے مزین پروفیشنل کچن کے قیام، مریض قیدیوں کے لیے ایمبولینسز اور میٹرس کی فراہمی میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی فلاحی منصوبوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں اور جیلوں میں قیدیوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ آئی جی جیل خانہ جات میاں سالک جلال نے ندیم الٰہی کے فلاحی جذبے اور قیدیوں کی بہتری کے لیے تعاون کی پیشکش کو سراہتے ہوئے کہا کہ جیل اصلاحات کا بنیادی مقصد قیدیوں کو بہتر ماحول، بنیادی سہولیات اور معاشرے کا مفید شہری بننے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے اور اوورسیز پاکستانیوں کا تعاون جیلوں میں فلاحی اقدامات کو مزید موثر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ملاقات میں قیدیوں کے لیے صحت، خوراک اور بنیادی سہولیات کو مزید بہتر بنانے، ہنرمندی کی تربیت اور اصلاحی سرگرمیوں کے فروغ پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے باہمی تعاون جاری رکھنے اور مستقبل میں مزید عملی اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ جات 47

انہوں نے کہا کہ زرعی مداخل، بجلی کے بل اور ٹیکسوں میں مسلسل اضافے نے تمام طبقات کی کمر توڑ دی ہے، کھاد، بیج اور ڈیزل کی قیمتوں نے فصل کی لاگت دوگنا کر دی ہے۔ یوریا اور ڈی اے پی کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں، ٹیوب ویل کے بلوں میں اضافے کے بعد چھوٹے کسان کے لیے کھیتی باڑی کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ گندم اور کپاس کا ریٹ کم ہونے سے کسانوں کو نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہے کہ بجلی کا فی یونٹ مہنگا ہو چکا ہے، دکانوں کے کرائے دوگنا ہو گئے ہیں اور گاہک کی قوت خرید ختم ہو گئی ہے۔ ایف بی آر کے نئے ٹیکسوں نے کاروبار مزید مشکل بنا دیا ہے

بقیہ جات 48

کیے۔ اسی طرح فلور ملز نے نجی شعبے سے حاصل کردہ گندم کی گرائنڈنگ کے بعد صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں 10 کلو آٹے کے 1 لاکھ 65 ہزار 579 تھیلے جبکہ 20 کلو آٹے کے 39 ہزار 634 تھیلے سپلائی کیے۔ انہوں نے بتایا کہ سات اکتوبر کو مجموعی طور پر 10 کلو آٹے کے 4 لاکھ 70 ہزار 845 تھیلے صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں فراہم کیے گئے، جس سے مارکیٹ میں آٹے کی دستیابی اور سپلائی کا سلسلہ معمول کے مطابق برقرار ہے۔ ڈی جی فوڈ نے کہا کہ صوبہ بھر میں فلور ملز معمول کے مطابق فعال ہیں اور آٹے کی سپلائی چین کو مستحکم رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت پنجاب کی جانب سے آٹے کی طلب، دستیابی اور سپلائی کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو آٹے کے حصول میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو آٹے کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہیں ہونے دی جائے گی۔ ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور آٹے کی مصنوعی قلت پیدا کرنے کی کوششوں کے خلاف متعلقہ ادارے متحرک ہیں اور قانون کے مطابق کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی فوڈ پنجاب نے عوام کو یقین دلایا کہ حکومت پنجاب صوبہ بھر میں آٹے کی وافر اور بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ جات 49

کی تعریف کرتے ہوئے افسران و اہلکاروں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی گئیں، سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں، دہشتگردوں کو ملک میں بدامنی پھیلانے اور اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ جات 50

انہوں نے گورنمنٹ مڈل سکول بنی، کھڑی شریف میں طلبہ اور مقامی آبادی کے لیے صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی کے مقصد سے نئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کی درخواست کی تھی۔ ملاقات کے دوران مسلم ہینڈز کے ایگزیکٹو مینیجر محمد سلیمان اور پبلک ریلیشنز مینیجر راجہ قمر عطا نے یقین دہانی کرائی تھی کہ راجہ سکندر خان کی درخواست پر اس منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔ اب یہ وعدہ عملی شکل اختیار کر چکا ہے اور گورنمنٹ مڈل سکول بنی، کھڑی شریف میں نیا واٹر فلٹریشن پلانٹ کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔

بقیہ جات 51

۔ وزیر اعلیٰ چار کروڑ پختونوں کے نمائندے نہیں بلکہ طالبان کی سیاسی ونگ کے ترجمان بن چکے ہیں۔ انہوں نے سقوطِ ڈھاکہ کو بھارت کی سازش قرار دیتے ہوئے کہا کہ آج بلوچستان اور خیبر پختونخوا بھی انڈین سازش کا نشانہ ہیں۔ احسن رضوی کا کہنا تھا کہ کل شیخ مجیب ریاست سے تعاون پر انکاری تھا، آج سہیل آفریدی دہشت گردی کے خلاف تعاون سے انکار کر رہے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پی ٹی آئی خیبر پختونخواہ میں انڈین سپانسرڈ مکتی باہنی کا روپ دھار چکی ہے۔

بقیہ جات 52

دکانوں کے تالے توڑ کر سامان ضبط کرنا قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، قانونی کارروائی کے بغیر تالے توڑ کر سامان اٹھانا کسٹمز حکام کا اختیار نہیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایف بی آر کے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کسٹمز کی کارروائی بلاجواز اور غیر قانونی ہے جبکہ رات گئے گوداموں اور دکانوں پر چھاپے قانونی ضوابط کے منافی ہیں۔ عدالت کے مطابق رات میں چھاپے کے لیے چیف کلیکٹر یا ڈائریکٹر جنرل کی پیشگی اجازت ضروری ہے، کسٹمز ایکٹ کی دفعہ 163 اور ضابطہ فوجداری کی دفعہ 103 کی خلاف ورزی پر کی گئی کارروائی بھی کالعدم قرار دی جائے گی۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ مالک اور آزاد گواہان کی موجودگی کے بغیر تیار کی گئی ضبطگی فہرست کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، تاجروں کو قانونی دستاویزات پیش کرنے کا موقع دیے بغیر کارروائی کرنا بھی غیر قانونی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ قانون کے مقررہ طریقہ کار سے ہٹ کر کسٹمز کی ہر کارروائی غیر قانونی تصور ہوگی اور تاجروں کی دکانوں سے کسٹمز کی جانب سے کی گئی ضبطگی بھی کالعدم قرار دے دی۔

بقیہ جات 53

اپنے ایک بیان میں کہا کہ عوام سیاسی جماعتوں سے اپنے مسائل کے حل، روزگار کے مواقع، بہتر سہولیات اور ملکی ترقی کے لیے عملی اقدامات کی توقع رکھتے ہیں۔ سیاست میں کامیابی کا معیار جلسوں، دھرنوں اور بلند و بانگ نعروں کے بجائے عوام کی خدمت اور عملی کارکردگی ہونا چاہیے۔ سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے پر الزام تراشی کے بجائے اپنی کارکردگی عوام کے سامنے پیش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے

بقیہ جات 54

نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام عام آدمی کو اپنا گھر فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس سے کم آمدنی والے خاندانوں کو اپنے گھر کی تعمیر میں مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی صوبائی حکومت کے عوامی فلاحی منصوبے کو عالمی سطح پر پذیرائی ملنا اس امر کا اظہار ہے کہ پاکستان میں بھی عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں جن کے مثبت اثرات براہ راست شہریوں تک پہنچ رہے ہیں۔ چودھری شہزاد ندیر سندھو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ صحت، تعلیم، رہائش، ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں میں عوامی فلاح کے منصوبوں کا مقصد شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا بنیادی مقصد ایسے خاندانوں کو اپنے گھر کی تعمیر کے قابل بنانا ہے جو محدود وسائل کے باعث اس سہولت سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارے کی جانب سے پروگرام کو اعزاز ملنے سے نہ صرف پنجاب حکومت کے فلاحی اقدامات کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے بلکہ پاکستان کا مثبت تشخص بھی اجاگر ہوا ہے۔ لیگی رہنما نے کہا کہ حکومت کی ترجیح سیاست سے بالاتر ہو کر عوامی مسائل کا حل اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ عوامی فلاح کے منصوبوں کو مزید موثر بنانے اور ان کے ثمرات زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے اقدامات جاری رہنے چاہئیں۔

بقیہ جات 55

گروپ کا ای وی سیکٹر میں کری ایٹو گروپ پاکستان کے ساتھ جوائنٹ وینچر موجود ہے۔ مشترکہ پروجیکٹ کے تحت 100 فیصد مقامی سطح روزانہ 200 الیکٹرک موٹر بائیک تیار ہو رہے ہیں۔ الیکٹرک موٹر بائیکس کی مینوفیکچرنگ روزانہ کی بنیاد پر 1000 تک بڑھائی جائے گی، اس مقصد کیلئے بھلوال انڈسٹریل اسٹیٹ میں نیا یونٹ لگایا جائے گا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الیکٹرک وہیکل سیکٹر کا فروغ پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ پنجاب کے ای وی سیکٹر میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ چین کے گروپ کی ای وی سیکٹر میں مزید سرمایہ کاری کا خیرمقدم کریں گے۔ چین کے سرمایہ کار ای وی چارجنگ اسٹیشنز، سپر سیڈرز اور زرعی آلات کی مقامی سطح پر مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری کریں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے بہترین ماحول اور مواقع موجود ہیں۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عمران ہاشمی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ جات 56

میں اس کی دو فصلیں یعنی موسم بہار اور موسم خزاں میں کاشت کی جاتی ہیں۔ آلو کی خزاں فصل کی کاشت کا موزوں وقت ماہ اکتوبر ہے۔ زیادہ اگیتی کاشت میں زیادہ درجہ حرارت کی وجہ سے اگاؤ میں کمی ہو جاتی ہے اور بعض اوقات زیر زمین آلو گل جاتے ہیں اور مائٹس (جوؤں) کے حملے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔ اسلئے بوائی 28 سے 32 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت پر کریں اور اس کی برداشت جنوری سے فروری تک کریں

بقیہ جات 57

کو تسلیم کرنے کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور روزگار، کاروباری سرگرمیوں، صنعتی و تجارتی ترقی اور برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے ایس ایم ایز فنانسنگ تک رسائی بڑھانے پر خصوصی توجہ کاروباری برادری کیلئے حوصلہ افزا ہے۔ سستی، بروقت اور آسان فنانسنگ کی دستیابی سے چھوٹے کاروبار اپنی پیداواری صلاحیت بڑھانے، جدید ٹیکنالوجی اپنانے، کاروبار کو وسعت دینے اور مزید روزگار پیدا کرنے کے قابل ہوں گے۔ لاہور چیمبر کیصدر نے کہا کہ حکومت نے جون 2028 تک ایس ایم ایز فنانسنگ کے حجم کو 2 ٹریلین جبکہ ممکنہ قرض لینے والے ایس ایم ایز کی تعداد کو 000,775 تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے، جو مالیاتی شمولیت کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جون 2026 میں ایس ایم ایز فنانسنگ 114.1 ٹریلین تھی جو ستمبر 2026 کے اختتام تک بڑھ کر 137.1 ٹریلین سے تجاوز کر گئی، جبکہ ایس ایم ایز قرض لینے والوں کی تعداد بھی بڑھ کر تقریباً 862,350 ہو گئی۔ انہوں نے اس پیش رفت کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس رفتار کو مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے

بقیہ جات 58

کے تنازع کو محض بدانتظامی کا نام دے کر محتسب کا دائرہ اختیار نہیں بڑھایا جا سکتا۔ عدالت کے مطابق پنشن کے لیے عمومی طور پر کم از کم 15 سال کی شراکت درکار ہے، جبکہ درخواست گزار جاوید اقبال بھٹی کی بیمہ شدہ ملازمت 6 سال سے بھی کم تھی، یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث انہیں 5 سال کی خصوصی رعایت بھی حاصل نہیں تھی۔ عدالت نے واضح کیا کہ پہلے دی گئی 48 ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ پنشن کا حق پیدا نہیں کرتی۔

بقیہ جات 59

ماہین رضوان، عالیہ صدف، ڈاکٹرز، نرسز، میڈیکل طلبہ اور مریضوں کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ میڈیا سے گفتگو میں پروفیسر جودت سلیم نے کہا کہ ذہنی صحت بھی جسمانی صحت کی مانند مساوی توجہ کی متقاضی ہے، کیونکہ مریض کو توجہ سے سننے اور سمجھنے کا احساس اس میں زندگی کی طرف لوٹنے کی امید پیدا کرنے سمیت شفا یابی کے عمل کو تیز بناتا ہے، جبکہ پالیسی سازی اور طریقہ علاج میں ان کے حقیقی تجربات و آراء کی شمولیت سے اس نظام میں مثبت انقلاب لایا جا سکتا ہے

بقیہ جات 60

یاسین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں چیئرمین ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور غزالی سلیم بٹ، مینجنگ ڈائریکٹر احمد عثمان جاوید، ڈائریکٹر ایڈمن سونیا کلیم سمیت دیگر افسران، ملازمین اور ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور یونین کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے اعلان کیا کہ ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے تمام 70 مسیحی ملازمین کو مقدس مقامات کی زیارت کیلئے بھیجا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی ملازمین ادارے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔

بقیہ جات 61

خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کاروبار دوست ماحول کے فروغ اور تاجر برادری کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ کاروباری افراد ملکی معیشت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے انہیں غیر ضروری دفتری پیچیدگیوں اور رکاوٹوں سے نجات دلانا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کاروباری اداروں کو این او سیز کے اجراء کا عمل مزید آسان، شفاف اور موثر بنایا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیوں میں بلاوجہ تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانونی تقاضے پورے کرنے والے کاروباری مراکز کو بلاجواز سیل یا بند نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انفورسمنٹ کے نام پر کاروباری افراد سے بدسلوکی، ناروا رویے یا دست درازی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور ایسے معاملات میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

بقیہ جات 62

کیا تھا، انہوں نے پارک کی جگہ پر قائم پختہ تجاوزات کا سخت نوٹس لیا اور ان تجاوزات کے خاتمے کے لیے کمیٹی کو ذمہ داری تفویض کی جس کی سربراہی اے سی ٹی لاہور نے کی اور گزشتہ روز ہیوی مشینری اور عملہ کی مدد سے ٹینکی والی پارک سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا

بقیہ جات 63

سے 20 ہزار پتنگیں برآمد کیں۔ پولیس کے مطابق ملزمان حکومتی اجازت کے بغیر پتنگیں تیار کرنے اور آن لائن خرید و فروخت میں ملوث تھے۔ ملزمان کے خلاف پنجاب کائٹ فلائنگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق رواں سال پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 5 ہزار 237 مقدمات درج کیے جا چکے ہیں، جبکہ مختلف کارروائیوں کے دوران ملزمان سے مجموعی طور پر 1 لاکھ 87 ہزار پتنگیں اور 7 ہزار 535 چرخی ڈور بھی برآمد کی گئی۔

پنجاب کے سرکاری اثاثوں سے ریونیو بڑھانے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری اثاثوں کی فروخت، لیز اور انہیں بطور ضمانت استعمال کر کے فنانسنگ کے ذریعے ریونیو بڑھانے کی ہدایت کی۔

ہ اثاثوں کی مالیت کا تعین نہ ہونے اور سرکاری اراضی کے غیر تسلی بخش استعمال کے باعث صوبے کو ریونیو کا نقصان ہو رہا تھا، جس کے تدارک کے لیے اثاثوں کو یکجا کیا گیا ہے۔

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں سرکاری املاک کے مؤثر انتظام اور ان سے ریونیو بڑھانے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری املاک سے متعلق پہلے دیے گئے ٹاسکس پر پیش رفت کی بریفنگ دی گئی، جبکہ ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری اثاثوں کی فروخت، لیز اور انہیں بطور ضمانت استعمال کر کے فنانسنگ کے ذریعے ریونیو بڑھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کے مؤثر انتظام کے لیے(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)


لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سول لائن اور سٹی ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نیشنل مینجمنٹ کورس کے 60 سینئر افسران کا پیڈمک کا دورہ

پنجاب کے صنعتی زونز، ترقیاتی منصوبوں اور صنعتکاروں کو سہولیات بارے بریفنگ، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ کا بھی دورہ

لاہور(سٹاف رپورٹر) نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں زیرتربیت گریڈ 20 کے سینئر افسران نے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا دورہ کیا جہاں سی او او علی معظم سید نے سینئر افسران کو پیڈمک کے منصوبوں، کام کرنے کے طریقہ کار اور صنعتکاروں کو دی جانے والی سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دورہ کے موقع پر چیئرمین پیڈمک شہزاد اعظم خان نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ وفد نیشنل مینجمنٹ کورس کرنے والے 60 سینئر افسران پر مشتمل تھا۔ وفد میں سیکرٹری انڈسٹریز(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر29)

شہباز شریف سے بحرینی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

عالمی کاربن اخراج میں پاکستان کا حصہ انتہائی کم، موسمیاتی تبدیلی کا پاکستان پر نمایاں اثر پڑا' رانا تنویر حسین

زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحمت رکھنے والے طریقوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے' وفاقی وزیر

لاہور(سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ فوڈ سکیورٹی انتہائی اہم شعبہ ہے اور قومی سلامتی براہِ راست فوڈ سکیورٹی سے منسلک ہے، اگر ملک میں خوراک کی دستیابی یقینی نہ ہو تو قومی سلامتی کو بھی مکمل طور پر یقینی نہیں بنایا جاسکتا، زرعی شعبے کی ترقی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ریسکیو چیلنج 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر30)

رائے ونڈ، قبرستانوں، خالی پلاٹوں سے جمع پانی کی نکاسی کیلئے اقدامات شروع

عالمی تبلیغی اجتماع سے قبل صفائی اور سٹریٹ لائٹس کے انتظامات جاری، مختلف مقامات پر ڈی واٹرنگ سیٹ نصب کر دیئے گئے

رائے ونڈ(سٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے قبرستانوں اور خالی پلاٹوں میں جمع پانی کے اخراج کے لیے اقدامات شروع کردیئے۔ اسسٹنٹ کمشنر رائے ونڈ بابر علی رائے نے کہا کہ عالمی اجتماع کی آمد سے قبل صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بہتر بنایا جائے گا، تبلیغی اجتماع گاہ کو جانے والے تمام راستوں پر سٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خالی پلاٹوں میں جمع پانی کی نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے مختلف مقامات پر ڈی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر31)

بسنت کی تیاریاں ۔ موسمی تہوار یا خونی تہوار ۔ ویلنٹائن ڈے
ہوائی فائرنگ ، ون ویلنگ ، تندی ڈور قابل جرم
فضائی آلودگی سے بچاؤ ۔ فصلوں کی باقیات کو آگ مت لگاؤ
ایک درخت لگاؤ ۔ زندگی بچاؤ ۔ عوام کو خوشحال

لاہور: سول سوسائٹی کے اراکین اپنے مطالبات کے حق میں ہائیکورٹ کے باہر مظاہرہ کر رہے ہیں۔

بزنس کمیونٹی معیشت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، عارف احسان ملک

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بزنس کمیونٹی معیشت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے اور فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چھوٹے بڑے تاجر اور صنعتکار سے قطع نظر بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کیلئے ہر سطح پر کوششیں جاری رکھے گا۔ یہ بات صدر عارف احسان ملک نے امین بٹ چیئرمین انجمن تاجران (امین بٹ گروپ) کی قیادت میں مبارکباد دینے کیلئے آنے والے تاجروں کے(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نجی سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ لاہور پولیس نے نجی سکیورٹی کمپنیوں کا سکیورٹی آڈٹ کرانے کے لیے ہوم ڈیپارٹمنٹ کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی تربیت، اسلحہ ہینڈلنگ اور مجموعی سکیورٹی استعداد کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ بینکوں اور مالیاتی اداروں میں تعینات سکیورٹی گارڈز کو بہترین تربیت فراہم کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ پولیس حکام نے سکیورٹی گارڈز کی ویپن ہینڈلنگ ٹریننگ پولیس کے تعاون سے کرانے کی تجویز دی ہے۔ گارڈز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

انجینئر امیر مقام کا 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے تباہ کن زلزلے کے متاثرین کو خراج عقیدت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان اور سفیران انجینئر امیر مقام نے 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے تباہ کن زلزلے کے متاثرین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جمعرات کو اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے تباہ کن زلزلہ ہماری تاریخ کا ایک المناک دن تھا جس نے ہزاروں قیمتی جانیں ہم سے چھین لیں اور لاکھوں افراد کو بے گھر کر دیا، لیکن اس سانحے کے بعد پوری قوم نے جس یکجہتی، صبر(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

سپریم کورٹ، خاتون اپنے ہی بچے کے قتل کے الزام سے عدم شواہد پر بری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے خاتون کو اپنے ہی بچے کے قتل کے الزام سے عدم شواہد پر بری کر دیا۔ جسٹس ملک شہزاد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، ملزمہ کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ سہالہ میں مقدمہ درج تھا۔ وکیل صفائی نے کہا کہ ملزمہ پر اپنے ہی بچے کو جلا کر مارنے کے کوئی ٹھوس شواہد نہیں، ملزمہ کے(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

چیئرمین سینیٹ کا 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ شہدا کو خراجِ عقیدت

2005 کے زلزلے کے تجربے سے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے اہم اسباق حاصل ہوئے، قدرتی آفات کو روکا نہیں جاسکتا، گیلانی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کے شہدا کی 21 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کی 21 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے زلزلہ شہدا کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ نے پاک فوج، ریسکیو اداروں، رضا کاروں اور امدادی کارکنوں کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2005 کے زلزلے کے تجربے سے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے اہم اسباق حاصل ہوئے، قدرتی آفات کو روکا نہیں(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

لاہور: صدر لاہور بار ایسوسی ایشن عرفان حیات باجوہ ریلی شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کی کارروائی، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر شہر بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کردی گئی ہیں۔ چوکی منہالہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر دورانِ پٹرولنگ مختلف مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی سپلائی میں ملوث 3 ملزمان کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

(ن) لیگ و پی پی میں قانون سازی پر ڈیڈلاک ختم، انتخابی اصلاحات کمیٹی کے قیام پر اتفاق

پارلیمانی کمیٹی میں دونوں ایوانوں میں جماعتوں کی عددی تعداد کے تناسب سے ارکان کو رکنیت دی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن)اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون کے معاملے پر ڈیڈلاک ختم ہوگیا، دونوں جماعتوں کے درمیان پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام پر اتفاق ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انتخابی اصلاحات کمیٹی کی چیئرمین شپ پیپلز پارٹی کو دینے پر اتفاق کیا گیا ہے جبکہ کمیٹی میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کو نمائندگی دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی کمیٹی میں دونوں ایوانوں میں جماعتوں کی عددی تعداد کے تناسب سے ارکان کو رکنیت دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی شرائط پر مبنی بلز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

جعلی ویب سائٹس کے ذریعے آن لائن فراڈ کرنیوالی کمپنیوں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا

لاہور(سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ عمران قریشی کی زیرصدارت انفورسمنٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں آن لائن خریداری کے طریقہ کار میں مجوزہ تبدیلیوں، جعلی کمپنیوں اور آن لائن فراڈ کے تدارک سمیت مارکیٹوں(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

پاکستانی طالبعلم سعد محمود برانہ کی برطانیہ میں نمایاں کامیابی

لاہور(سٹاف رپورٹر) پاکستانی طالبعلم محمود برانہ نے ایک بار پھر یونیورسٹی آف گریٹر مانچسٹر میں اسٹوڈنٹس یونین کے صدر کی حیثیت سے منتخب ہوکر ایک نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ وہ گزشتہ سال بھی اسٹوڈنٹس یونین کے صدر رہ چکے ہیں اور اس سال یونیورسٹی کے طلبہ نے دوبارہ انہیں صدر منتخب کرلیا ہے۔ محمود برانہ کو طلبہ کی جانب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

منصوبوں میں تاخیر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، کمشنر سرگودھا ڈویژن

سرگودھا(سٹاف رپورٹر) کمشنر سرگودھا ڈویژن نے واسا اور لوکل گورنمنٹ کے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ان کے منصوبوں میں تاخیر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر حافظ شوکت علی نے پی ڈی پی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے واسا اور لوکل گورنمنٹ کو جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کا حکم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

عالمی بنک کی رپورٹ کے مطابق 48 فیصد پاکستانی سطح غربت سے نیچے آباد ہیں' جاوید قصوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی غربت انتہائی تشویشناک صورتحال اختیار کر چکی ہے، ورلڈ بینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق خطے میں 3 ڈالر یومیہ سے کم آمدن پر زندگی گزارنے والے انتہائی غریب افراد میں پاکستان کا حصہ تقریباً 48 فیصد ہے جبکہ 2018-19 سے 2024-25 کے دوران اس پیمانے پر پاکستان کی غربت کی شرح میں 4.6 فیصد پوائنٹس اضافہ ہوا(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ ساجد بیگ نے جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف کیا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ساجد بیگ نے بتایا کہ اڈیالہ جیل میں اس وقت تقریباً 8 ہزار قیدی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گنجائش سے زائد قیدیوں کی تعداد اڈیالہ جیل کا مسئلہ ضرور ہے، جیلوں میں قیدیوں کی بڑھتی تعداد کے مسئلے پر حکومت غور کر رہی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے کہا کہ اسلام آباد میں نئی جیل کی تعمیر سے اڈیالہ جیل میں قیدیوں کا آدھا بوجھ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

این سی سی آئی اے کی سائبر فراڈ اور ہنی ٹریپ کے خلاف بڑی کارروائیاں، 26 افراد گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے لاہور زون عاطف امیر کی نگرانی میں سائبر فراڈ اور ہنی ٹریپ کے خلاف بڑی کارروائیاں کی گئیں جس میں ہنی ٹریپ کال سینٹر چلانے والی 17 خواتین سمیت سائبر فراڈ میں ملوث(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم عالمی یوم ذہنی صحت کے سلسلے میں منعقدہ آگاہی تقریب میں دیگر کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں۔

پاکستان، ڈنمارک بزنس فورم کے چیئرمین ندیم الٰہی کی آئی جی جیل خانہ جات سے ملاقات

پروفیشنل کچن کے قیام، مریض قیدیوں کیلئے ایمبولینسز، میٹرس کی فراہمی میں تعاون کی یقین دہانی

لاہور(سٹاف رپورٹر) پاکستان، ڈنمارک بزنس فورم کے چیئرمین ندیم الٰہی نے آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، جیلوں میں اصلاحات اور قیدیوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر موٹیویشنل سپیکر و سینئر کالم نگار شاہد قادر، ڈی آئی جی ندیم رف اور ڈی آئی جی ملک شوکت فیروز بھی موجود تھے۔ ندیم الٰہی نے کہا کہ وہ قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ڈنمارک میں مقیم اوورسیز پاکستانیوں(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

حکومت نے عام آدمی کا کچومر نکال دیا ہے' میاں شاہد حسین

مہنگائی کے طوفان نے سب سے زیادہ کسان، مزدور، چھوٹے کاروباری طبقے کو متاثر کیا' رہنما پی ٹی آئی

لاہور(سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ جس دن سے یہ حکومت اور فارم 47 ٹولہ ملک وقوم پر مسلط ہوا ہے عام آدمی کا کچومر نکل گیا ہے، ملک میں مہنگائی کے طوفان نے سب سے زیادہ کسان، مزدور اور چھوٹے کاروباری طبقے کو متاثر کیا ہے۔ اپنے دفتر میں کسانوں اور تاجروں کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

پنجاب بھر میں آٹے کی بلاتعطل فراہمی جاری، فلور ملز صوبہ بھر میں آٹا فراہم کر رہی ہیں' ڈی جی فوڈ

مجموعی طور پر 10 کلو آٹے کے 4 لاکھ 70 ہزار 845 تھیلے تمام اضلاع میں فراہم کیے گئے' امجد حفیظ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب امجد حفیظ نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں آٹے کی فراہمی تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور مارکیٹ میں آٹے کی کسی قسم کی قلت نہیں۔ حکومت پنجاب عوام کو معیاری آٹے کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ کر رہی ہے۔ امجد حفیظ کے مطابق 7 اکتوبر 2026 کو پنجاب کی فلور ملز نے سرکاری گندم گرائنڈ کر کے 10 کلو آٹے کے 2 لاکھ 25 ہزار 998 تھیلے مقررہ نرخ 1100 روپے فی تھیلا کے حساب سے مارکیٹس میں فراہم(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

رائے ونڈ: اسسٹنٹ کمشنر بابر علی رائے قبرستان میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

شمالی وزیرستان آپریشن دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج ہلاک

شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ اور کوٹ خضری میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن مزید 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل ہوگئے

ہلاک دہشتگرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 9 خوارج کو ہلاک کردیا۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام کے تحت فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ اور کوٹ خضری میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن مزید 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا۔ وزیراعظم نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

سیالکوٹ: گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر کا مسلم ہنڈرز کی جانب سے گورنمنٹ مڈل سکول بنی کھڑی شریف میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر میجر (ر) سہیل اسلم گل، ایگزیکٹو مینیجر محمد سلیمان اور پبلک ریلیشنز مینیجر راجہ قمر عطا سے ملاقات کر رہے ہیں

فوری ضرورت ہے

دنیا بھر سے
ملک بھر سے

AM NEWS TV CHANNEL
ہر خبر سب تک

روزنامہ عوامی محبت
Awami Mohabbat

International Media Forum

بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
کرائم رپورٹر
سٹی رپورٹر
نیوز ایجنسی
انٹرنیشنل کوارڈینیٹر

صرف سنجیدہ افراد کیلئے
میل اور فی میل

ڈیجیٹل پرنٹنگ کے لیے رابطہ کریں۔

رابطہ کریں

☎ 042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033,0321-6462430
Awami_mohabbat@yahoo.com info.awamimohabbat@gmail.com
www.amanimohabbat.com



Heartiest Congratulations

Christopher Sharaf

on being selected as a committee member for the
75th Anniversary
of the Establishment of Diplomatic Relations
between the Holy See and the Islamic Republic of Pakistan

*A proud moment of friendship, dialogue,
and interfaith harmony*

Best wishes from
AM News TV & Awami Mohabbat Group of Publications